حقوق الطبع محفوظة للمؤلف



وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ

مَنَّ اللهُ سُبْحَانَهُ فِي هٰذِهِ الثَّمَانِ الْمَيْمُونِ بِطَبْعِ هٰذَا

الْجُزْءِ الثَّانِي مِنْ كِتَابِ

لُغَاتُ الْقُرْآنِ

تَأْلِيفُ مَوْلَانَا الْمُكَرَّمِ مُحَمَّدْ عَبْدِ الْحَيِّ الْحَوِيزِي

زَادَ فَيْضُهُ وَعَفَا اللهُ عَنْهُ وَعَنِ الْمُسْلِمِينَ جَمِيعًا

بِاهْتِمَامِ حَاجِي الْحَرَمَيْنِ حَافِظْ حَكِيمْ فَضْلِ الدِّينِ صَاحِبْ ۲۰ جَنْوَرِي سَنَهْ ۱۹ مُطَابِقْ ۵ ذُوالْحِجَّهْ

مَطْبَعِ دَرْ ضِيَاءِ اِسْلَامْ قَادِيَانْ مَطْبُوعْ شُد

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ

كِتَابُ الضَّادِ — ضاد کی کتاب

بَابُ الضَّادِ مَعَ حَرْفِ الْبَاءِ — ضاد کا باب حرف با کے ساتھ

ضَبُحٌ قَالَ تَعَالٰى وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا فَالْقٰدِحٰتِ قَدْحًا قِيْلَ اَنْفَاسُ الْفَرَسِ تَشْبِيْهًا بِالضَّبَاحِ وَهُوَ مَوْتُ الثَّعْلَبِ وَقِيْلَ هُوَ خَفِيْفُ الْعَدْوِ لَمْ نَذْكُرْ بَابَ الضَّادِ وَحَرْفَ التَّاءِ وَالثَّاءِ وَالْجِيْمِ لِيَكُوْنَ مَعْلُوْمًا

ضبح قال تعالیٰ والعٰدیٰت ضبحًا فالقٰدحٰت قدحًا۔ قسم ہے ہانپتے ہوئے دوڑنے والوں کی پس کہا گیا ہے کہ ضبح گھوڑے کا ہنہنانا ہے ضباح کے ساتھ تشبیہ دینے کو جسے اور یہ لومڑی کا مرنا ہے اور کہا گیا ہے وہ ہلکا دوڑنا ہے ہم نے ضاد کا باب حرف تا ثا اور جیم کے ساتھ ذکر نہیں کیا تاکہ معلوم ہو۔

بَابُ الضَّادِ مَعَ حَرْفِ الْحَاءِ — ضاد کا باب حرف حا کے ساتھ

ضَحِكَ اَلضَّحِكُ اِنْبِسَاطُ الْوَجْهِ وَتَكَشُّرُ الْاَسْنَانِ مِنْ سُرُوْرِ النَّفْسِ (مفردات) وَمِنْهُ قَوْلُهٗ تَعَالٰى فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا وَلْيَبْكُوْا كَثِيْرًا وَقَوْلُهٗ فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا مِّنْ قَوْلِهَا وَقَوْلُهٗ اِنَّهٗ هُوَ اَضْحَكَ وَاَبْكٰى وَاسْتُعِيْرَ لَفْظُ الضَّحِكِ لِلسُّخْرِيَّةِ

ضحک الضحک انبساط الوجہ وتکشر الاسنان من سرور النفس (مفردات) اور اسی سے اللہ تعالیٰ کا یہ قول ہے پس تھوڑا ہنسیں اور بہت روئیں اور یہ قول ہے اس کی بات سے وہ مسکرایا ہنستے ہوئے اور یہ قول ہے وہی ہنساتا اور رلاتا ہے اور ضحک کا لفظ [illegible] کیلئے استعارہ کیا جاتا ہے

پتہ مالک مطبع ضیاء الاسلام قادیان یا مینیجر صادق ہند

مصنفہ حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

نام کتاب	زبان	قیمت
براہین احمدیہ حصہ پنجم و ششم و ہفتم مع تتمہ	اردو	۱۵
" حصہ دوم و سوم و چہارم - دلائل	"	کل
حقیقت اسلام و نشان آیات و دعا	"	مجموعہ
آریہ دھرم - عیسائی دھرم و دیگر مذاہب	"	۳
آئینہ کمالات اسلام مع تتمہ	"	۳
برکات الدعا - دعا کے فوائد اور ضرورت	"	۳
آئینہ کمالات اسلام مع تتمہ	اردو و عربی	۱۰
اسلام و تتمہ - بانت سعاد	عربی	
انوار الاسلام - عبداللہ آتھم کی پیشگوئی		
پوری ہونے کی تفصیل اور دعا	اردو	۳
نسیم دعوت - دعا تتمہ ہم - رد آریہ	"	۳
[illegible]		
[illegible]	"	عہ
[illegible]	اردو	۸
ایام الصلح (پیشگوئی ملاعون)	فارسی	۸
اربعین نمبر ۱ و ۲ و ۳ و ۴ نشان صداقت	اردو	۴
اربعین اور اگر کوئی ایک نعمت کیطرف دعوت		
حضرت اقدس علیہ السلام کا ریویو عبداللہ	"	۳
چکڑالوی محمد حسین بٹالوی کے مباہلہ پر		
روئداد جلسہ دعا اور فتح کے		
دعا اور حضرت اقدس کا لیکچر	"	۲
لیکچر لاہور کا قتل پیشگوئی سے ہوا	"	۱۰
نور القرآن حصہ اول و دوم - رد عیسائی و آریہ		۱۲

نام کتاب	زبان	قیمت
[illegible]	اردو	
تحفہ قیصرہ (قیصر ہند کو دعوت اسلام)	"	۲
کرامات الصادقین - تفسیر سورہ فاتحہ		
حمامۃ البشریٰ حصہ اول ثبوت مسیح و رسالت خود		
حقیقۃ الوحی - تقریر جلسہ - مقربان کے علامات		
[illegible]		
نور [illegible]		
[illegible]		
در ثمین اشعار تصانیف حضرت اقدس	اردو و فارسی	
" حصہ اول اشعار صرف	اردو	۱
حقیقۃ الوحی آنجہانی ہنری مارٹن کلارک	"	۱
نزول المسیح مع تتمہ و عبارت	"	
[illegible]		
اعجاز المسیح تفسیر سورہ فاتحہ و پیشگوئی	عربی	۱۲
کو اسکی نظیر بنانے کی تحدی	فارسی	
ازالہ اوہام حصہ دوم - حقیقت دجال	اردو	۱۲
دیباچہ تحفہ گولڑویہ		
[illegible]		
[illegible]		
[illegible]

عَشِيَّةً أَرُدُّ ضُحَاهَا وَقَالَ وَأَنْ يُحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى وَضُحَى أَصَابَتْهُ الشَّمْسُ (قاموس) وَمِنْهُ قَوْلُهُ تَعَالَى وَأَنَّكَ لَا تَظْمَؤُا فِيهَا وَلَا تَضْحَى أَيْ لَكَ فِيهَا أَنْ تَتَصَوَّنَ فِيهَا مِنْ حَرِّ الشَّمْسِ (تاج) وَالْأَضْحِيَّةُ جَمْعُهَا ضَحَايَا كَعَطِيَّةٍ وَعَطَايَا وَالْأُضْحَاةُ جَمْعُ أُضْحِيَّةٍ كَأُرْطَاةٍ وَأَرْطًى وَالْأَرْطَى شَجَرٌ فِي الْجِبَالِ تَأْكُلُهُ الْجِمَالُ وَيَأْلِبُهُ وَقُودٌ لِطَعَامِ الْعِيَالِ قَالَ فِي الْقَامُوسِ وَفِي الْأَضْحِيَةِ سُمِّيَ يَوْمَ النَّحْرِ اهـ أَيْ يَوْمُ الْأَضْحَى وَقَالَ الرَّاغِبُ وَالْأَضْحِيَّةُ جَمْعُهَا أَضَاحِيُّ وَنُسَمِّيهَا بِذَلِكَ فِي الشَّرْعِ لِقَوْلِهِ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ مَنْ ذَبَحَ قَبْلَ صَلٰوتِنَا هٰذِهِ فَلْيُعِدْ اهـ لَمْ نَذْكُرْ بَابَ الضَّادِ وَحَرْفَ الْخَاءِ لِيَكُونَ مَعْلُومًا

یا چلا پھر اور فرمایا اور یہ کہ جمع کئے جائیں لوگ چاشت کے وقت اور ضحًا دھوپ لگنے کو کہتے ہیں (قاموس) اور اس سے اللہ تعالیٰ کا یہ قول ہے اور تو نہ اس میں پیاسا ہوگا اور نہ تجھے دھوپ لگیگی (تاج) اور اضحیہ کی جمع ضحایا ہے جیسا عطیہ اور عطایا اور اضحاۃ اضحی کی جمع ہے جیسا ارطاۃ ارطی کی جمع ہے اور راطی پہاڑ وغیرہ میں ایک درخت ہوتا ہے جس کو اونٹ کھاتے ہیں اور خشک ہوتا ہے قاموس میں کہا ہے کہ اضحیہ کے ساتھ نام رکھا گیا ہے یوم النحر کا یعنی یوم الاضحی اس کو کہتے ہیں اور راغب نے کہا ہے کہ اضحیہ کی جمع اضاحی ہے اور اس کا یہ نام شروع میں ہے کیونکہ آنحضرت نے فرمایا ہے کہ جو ذبح کرے ہماری عید سے پہلے وہ پھر قربانی دے ہم نے ضاد کا باب اور حرف خاء کو ذکر نہیں کیا تاکہ معلوم ہو

بَابُ الضَّادِ وَحَرْفُ الدَّالِ

ضاد کا باب حرف دال کے ساتھ

ضِدٌّ الضِّدُّ بِالْكَسْرِ الْمِثْلُ وَهُوَ كُلُّ شَيْءٍ ضَادَّ شَيْئًا لِيَغْلِبَهُ كَالسَّوَادِ ضِدُّ الْبَيَاضِ وَالْمَوْتُ ضِدُّ الْحَيٰوةِ قَالَهُ اللَّيْثُ قُلْتُ وَكَالْإِيمَانِ ضِدُّ الْكُفْرِ وَالْعَمٰى ضِدُّ الْبَصَرِ وَقَالَ فِي الْقَامُوسِ الضِّدُّ بِالْكَسْرِ وَالضَّدِيدُ الْمِثْلُ اهـ وَقَالَ فِي التَّاجِ جَمْعُهُ ... أَضْدَادٌ وَيُقَالُ لَا ضِدَّ لَهُ وَلَا ضَدِيدَ لَهُ أَيْ لَا نَظِيرَ لَهُ وَلَا كُفْؤَ لَهُ وَيُقَالُ لَقِيَ الْقَوْمُ أَضْدَادَهُمْ وَأَنْدَادَهُمْ أَيْ أَقْرَانَهُمْ وَقَالَ الْأَخْفَشُ النِّدُّ الْمِثْلُ وَالشِّبْهُ وَمِنْهُ قَوْلُهُ تَعَالٰى

ضد۔ ضد ضاد کے کسرہ کے ساتھ ہر ایک شیئے جو کہ دوسری شیئے کو مٹانا اور مخالف ہونا کہ اس پر غالب جائے جیسا سواد بیاض کی ضد ہے اور موت حیوۃ کی ضد ہے لیث نے کہا ہے میں کہتا ہوں اور جیسا کہ ایمان کفر کی ضد ہے اور عمی (اندھاپن) بصر (بینا ہونے) کی ضد ہے اور قاموس میں کہا ہے ضد کسرہ کے ساتھ اور ضدید مثل کے کہتے ہیں اور تاج میں ہے اسکی جمع اضداد ہے اور کہا جاتا ہے اسکی ضد اور ضدید نہیں ہے یعنی اسکی نظیر نہ کوئی ہے اور نہ کہا جاتا ہے لوگ اپنی ضدوں اور ندوں کو ملے یعنی اپنے اقران کو اخفش نے کہا ہے ند ضد اور شبہ کو کہتے ہیں اور خداوند کریم کا یہ قول

نحو قوله تعالى وَكُنتُم مِّنْهُمْ تَضْحَكُونَ اى تسخرون وقوله
وَقَوْلُهُ إِذَا هُم مِّنْهَا يَضْحَكُونَ وَقَوْلُهُ أَمِنْ هٰذَا الْحَدِيثِ
تَعْجَبُونَ وَتَضْحَكُونَ وَيُسْتَعْمَلُ لِلتَّعَجُّبِ أَيْضًا نحو
قوله تعالى وَامْرَأَتُهُ قَائِمَةٌ فَضَحِكَتْ فَضَحِكُهَا
كَانَ لِلتَّعَجُّبِ وَالدَّلِيلُ عَلٰى ذٰلِكَ قَوْلُهَا وَاَلِدُ
وَاَنَا عَجُوزٌ وَهٰذَا بَعْلِي شَيْخًا اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عَجِيبٌ
وَلَفْظُ الضَّحِكِ يُطْلَقُ عَلَى الطَّرِيقِ الْوَاضِحِ وَعَلَى
الْغَدِيرِ الْمَاءِ نحو قولهم طَرِيقٌ ضَحُوكٌ اى وَاضِحٌ
وَضَحِكَ الْغَدِيرُ اِمْتَلَاَ مَاءً وَيُسْتَعْمَلُ اَيْضًا لِلْجَلَاءِ
السَّحَابِ عَنِ الْبَرْقِ وَلِخُرُوجِ النَّبَاتِ مِنَ الْاَرْضِ
نحو يُغَيِّثُ اللّٰهُ السَّحَابَ فَيَضْحَكُ اَحْسَنَ الضَّحِكِ
اى فَيَجْلُو عَنِ الْبَرْقِ اَحْسَنَ الْاِجْلَاءِ وَنحو
اِضْحَكَلَّتِ الْاَرْضُ اى اَخْرَجَتْ نَبَاتَهَا وَزَهْرَتَهَا

ضحى الضَّحَاءُ بِالْفَتْحِ وَالْمَدِّ اِذَا عَلَتِ الشَّمْسُ
اِلٰى رُبُعِ السَّمَاءِ مِمَّا بَعُدَ (ربع بمعنی الارتفاع) وَقَالَ
الرَّاغِبُ الضُّحٰى اِنْبِسَاطُ الشَّمْسِ وَامْتِدَادُ النَّهَارِ
وَقَالَ فِي الصِّحَاحِ الضَّحْوَةُ نِصْفُ النَّهَارِ وَضُحًى
بِالضَّمِّ وَالْقَصْرِ وَهُوَ يُذَكَّرُ وَيُؤَنَّثُ فَمَنْ اَنَّثَ قَالَ
اِنَّهُ جَمْعُ ضَحْوَةٍ وَمَنْ ذَكَّرَ قَالَ اِنَّهُ اِسْمٌ عَلٰى فُعَلٍ
مِثَالُ صُرَدٍ وَطُرَفٍ وَمِثْلُ سَحَرٍ يُقَالُ لَقِيتُهُ ضُحًى
وَضُحٰى بِلَا تَنْوِينٍ اِذَا اَرَدْتَ ضُحٰى يَوْمِكَ ثُمَّ تُعْقِدُهُ
اَوَّلَ الْفَتْحِ وَهُوَ امْتِدَادُ النَّهَارِ اه
فَضَحِكَتْ فَحِضَتْ وَقَالَ لَمْ يَلِدْ اِلَّا

نحو قولہ تعالیٰ وَکُنتُم مِّنْهُمْ تَضْحَکُونَ اى تسخرون وقولہ
وَقَوْلُهُ إِذَا هُم مِّنْهَا يَضْحَكُونَ وَقَوْلُهُ أَمِنْ هٰذَا الْحَدِيثِ
تَعْجَبُونَ وَتَضْحَكُونَ وَيُسْتَعْمَلُ لِلتَّعَجُّبِ أَيْضًا نحو
قولہ تعالیٰ وَامْرَأَتُهُ قَائِمَةٌ فَضَحِكَتْ فَضَحِكُهَا
كَانَ لِلتَّعَجُّبِ وَالدَّلِيلُ عَلٰى ذٰلِكَ قَوْلُهَا وَاَلِدُ
وَاَنَا عَجُوزٌ وَهٰذَا بَعْلِي شَيْخًا اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عَجِيبٌ
وَلَفْظُ الضَّحِكِ يُطْلَقُ عَلَى الطَّرِيقِ الْوَاضِحِ وَعَلَى
الْغَدِيرِ الْمَاءِ نحو قولهم طَرِيقٌ ضَحُوكٌ اى وَاضِحٌ
وَضَحِكَ الْغَدِيرُ اِمْتَلَاَ مَاءً وَيُسْتَعْمَلُ اَيْضًا لِلْجَلَاءِ
السَّحَابِ عَنِ الْبَرْقِ وَلِخُرُوجِ النَّبَاتِ مِنَ الْاَرْضِ
نحو يُغَيِّثُ اللّٰهُ السَّحَابَ فَيَضْحَكُ اَحْسَنَ الضَّحِكِ
اى فَيَجْلُو عَنِ الْبَرْقِ اَحْسَنَ الْاِجْلَاءِ وَنحو
اِضْحَكَلَّتِ الْاَرْضُ اى اَخْرَجَتْ نَبَاتَهَا وَزَهْرَتَهَا

ضحی الضَّحَاءُ بِالْفَتْحِ وَالْمَدِّ اِذَا عَلَتِ الشَّمْسُ
اِلٰى رُبُعِ السَّمَاءِ مِمَّا بَعُدَ (ربع بمعنی الارتفاع) وَقَالَ
الرَّاغِبُ الضُّحٰى اِنْبِسَاطُ الشَّمْسِ وَامْتِدَادُ النَّهَارِ
وَقَالَ فِي الصِّحَاحِ الضَّحْوَةُ نِصْفُ النَّهَارِ وَضُحًى
بِالضَّمِّ وَالْقَصْرِ وَهُوَ يُذَكَّرُ وَيُؤَنَّثُ فَمَنْ اَنَّثَ قَالَ
اِنَّهُ جَمْعُ ضَحْوَةٍ وَمَنْ ذَكَّرَ قَالَ اِنَّهُ اِسْمٌ عَلٰى فُعَلٍ
مِثَالُ صُرَدٍ وَطُرَفٍ وَمِثْلُ سَحَرٍ يُقَالُ لَقِيتُهُ ضُحًى
وَضُحٰى بِلَا تَنْوِينٍ اِذَا اَرَدْتَ ضُحٰى يَوْمِكَ ثُمَّ تُعْقِدُهُ
اَوَّلَ الْفَتْحِ وَهُوَ امْتِدَادُ النَّهَارِ اه
فَضَحِكَتْ فَحِضَتْ وَقَالَ لَمْ يَلِدْ اِلَّا

ضحی

حضرت قدس کا یہ قول ہے تمہارے ہنسی کرتے
جیسا اللہ تعالیٰ کا یہ قول ہے تمہارے ہنسی کرتے
تھے اور یہ قول کیا۔ یعنے میں کہ وہ اس سے ہنستے ہیں اور یہ قول
کیا پس تم اس بات سے تعجب کرتے اور ہنستے ہو اور تعجب کے لئے
جیسا یہ قول ہے اور اسکی عورت کھڑی تھی پس وہ ہنسی پس وہ ہنسی تعجب کی
اور اس پر دلیل یہ قول ہے کہا میں جنونگی حالانکہ میں
بوڑھی ہوں اور یہ میرا خاوند بھی بہت عمر ہے خود یہ عجیب
بات ہے اور ضحک کا لفظ بولا جاتا ہے واضح رستہ پر اور
بہت موٹے تالاب پر جیسا ان کا یہ قول ہے راستہ ضحوک
واضح ہے اور ضحک الغدیر تالاب پر ہوا پانی سے اور استعمال
کیا جاتا ہے بادل کے چمکنے میں بجلی سے اور نباتات کے نکلنے
میں زمین سے جیسا یہ قول ہے کہ اللہ بادل بھیجتا ہے پھر وہ
خوب ضحک کرتا ہے یعنی چمکتا ہے بجلی سے اور جیسا یہ قول
کہ اضحکت الارض یعنی زمین نے سبزہ نکالا اور پھول

ضحی ضحاء فتح اور مد کے ساتھ یہ وہ وقت ہے جبکہ سورج
آسمان کے چوتھے حصہ تک چڑھا جاتا ہے بالشت بھی زیادہ
(ربع بمعنی الارتفاع) اور راغب نے کہا ہے کہ ضحی روشنی اور دھوپ کے
پھیلنے کو کہتے اور دن کے روشن ہونے کو اور صحاح میں ہے کہ ضحوۃ
نصف کو کہتے ہیں اور ضحی ضم اور قصر کے ساتھ اور یہ مذکر اور مؤنث
دونوں طور پر آتا ہے پس جو اس کو مؤنث استعمال کرتا ہے وہ
کہتا ہے کہ یہ ضحوۃ کی جمع ہے اور مذکر بناتا ہے کہتا ہے کہ یہ ایک
اسم ہے فعل کے وزن پر جیسا اور طرف کی مانند سحر طرح کہا جاتا ہے
میں اسکو ضحی کہتا ہوں لا اور ضحی بے تنوین ہوتا ہے جبکہ اسی دن کی
چاشت مراد ہو پھر اس کے بعد ضحی ہے مد اور فتح کے ساتھ اور دن کا ضحی

	۱۰	
	۱۰	
	۱۰	

ضُرٌّ

ضُرٌّ - ضر ضم نفع کے مقابل ہے اور یہ اسم ہے اور فتح کے ساتھ مصدر ہے اور تاج میں ہے کہ جب ضر اور نفع کو جمع کرتے ہیں تو ضاد کو فتح دیدیتے ہیں اور جب اکیلا ذکر کرتے ہیں تو ضمہ دیتے ہیں جبکہ مصدر نہ استعمال کریں اور فرمایا ہے کہ جب لوگوں کو ضر (تکلیف) پہونچتا ہے تو اپنے رب کو اس کیطرف جھکتے ہوئے اس کو پکارتے ہیں اور ضر یہاں رحمت کے مقابل ہے کیونکہ فرمایا ہے اور جب رحمت پھونچاتا ہے اپنی طرف سے تو یہی ہوتا ہے کہ ایک گروہ اپنے رب کے ساتھ شریک بنانے لگتا ہے اور فرمایا پس ہم نے اٹھا دیا وہ ضر جو ان کے ساتھ تھا اور فرمایا بیشک مجھ کو ضر پہونچا ہے اور میرے ضر قحط ہے جیسا کہ یوسف کے پاس گئے تو انہوں نے کہا اے عزیز پہونچا ہے ہم کو اور ہمارے اہل کو قحط اور فرمایا کیا کہ نہیں ملایا تم نے کسی ضر کیلئے جس کو پوچھا تھا اور کہا جاتا ہے فلان ضر بیکہ کوئی برا ہو اسکیطرف کیجاتا ہے فرمایا کوئی کمزور تم کو نہ پہونچا سکیگا بجز ایذا (دکھ) کے اور فرمایا اور اگر صبر کرو اور تقوی کرو تو انکی کوئی تدبیر تمہارے لیے کوئی مکروہ نہ کیجائیگی اور فرمایا وہ کچھ نہیں بگاڑ سکتے اور فرمایا نہ اسکے ساتھ کوئی مکروہ اور نہ جس کو پہونچا سکتے تھے بجز اللہ کے حکم کے اور فرمایا اور سکھتے تھے جو انکو ضرر دے اور نفع نہ دے اور فرمایا پکارتا ہے اللہ کے سوا اسکو جو کہ کوئی نفع ضرر اسکے نہیں دیسکتا اور فرمایا اس کو پکارتا ہے کہ جسکا ضرر اسکے نفع کی بہت قریب ہے اور ضرر نقصان کو کہتے ہیں جو کسی چیز میں واقع ہو اور اضرار مدد کے ساتھ تنگی ہے کہ جسکے ساتھ ضرر بیماری کو کہتے ہیں اور اضافی ضرر ہے یعنی مرض بیمار اور ضراء سراء (خوشحالی) کی نقیض ہے (تاج)

ضُرٌّ

ضُرٌّ - اَلضُّرُّ بِالضَّمِّ فِي مُقَابَلَةِ النَّفْعِ وَهُوَ اسْمٌ وَبِالْفَتْحِ مَصْدَرٌ وَفِي التَّاجِ فَإِذَا جُمِعَتْ بَيْنَ الضُّرِّ وَالنَّفْعِ فَتَحْتَ الضَّادَ وَإِذَا أَفْرَدْتَ الضُّرَّ ضَمَمْتَ إِذَا لَمْ تَسْتَعْمِلْهُ مَصْدَرًا اهـ قَالَ تَعَالَى وَإِذَا مَسَّ النَّاسَ ضُرٌّ دَعَوْا رَبَّهُمْ مُنِيبِينَ إِلَيْهِ وَالضُّرُّ هُنَا فِي مُقَابَلَةِ الرَّحْمَةِ بِقَوْلِهِ تَعَالَى وَإِذَا أَذَقْنَا النَّاسَ مِنْهُ رَحْمَةً إِذَا فَرِيقٌ مِنْهُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُونَ وَقَالَ تَعَالَى فَكَشَفْنَا مَا بِهِ مِنْ ضُرٍّ وَقَالَ إِنِّي مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَالضُّرُّ أَيْضًا يَكُونُ فِي مُقَابَلَةِ الْقَحْطِ نَحْوُ قَوْلِهِ تَعَالَى فَلَمَّا دَخَلُوا عَلَيْهِ قَالُوا يَا أَيُّهَا الْعَزِيزُ مَسَّنَا وَأَهْلَنَا الضُّرُّ وَقَالَ كَانَ لَمْ يَدْعُنَا إِلَى ضُرٍّ مَسَّهُ وَيُقَالُ ضَرَّهُ ضَرًّا بِفَتْحٍ جَلَبَ إِلَيْهِ شَيْئًا مَكْرُوهًا قَالَ تَعَالَى لَنْ يَضُرُّوا كُمْ إِلَّا أَذًى وَقَالَ وَإِنْ تَصْبِرُوا وَتَتَّقُوا لَا يَضُرُّ كَيْدُهُمْ شَيْئًا وَقَالَ لَيْسَ بِضَارِّهِمْ شَيْئًا وَقَالَ وَمَا هُمْ بِضَارِّينَ بِهِ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ وَقَالَ وَيَتَعَلَّمُونَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ وَقَالَ يَدْعُو مِنْ دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَضُرُّهُ وَمَا لَا يَنْفَعُهُ وَقَالَ يَدْعُو لَمَنْ ضَرُّهُ أَقْرَبُ مِنْ نَفْعِهِ وَالضَّرَّاءُ النُّقْصَانُ يَدْخُلُ فِي الشَّيْءِ وَالضَّرَّاءُ بِالْمَدِّ الزَّمَانَةُ وَمِنْهُ الضَّرِيرُ بِمَعْنَى الزَّمِنِ أَيِ الْمَرِيضِ وَالضَّرَّاءُ يُقَابَلُ بِالسَّرَّاءِ وَالنَّعْمَاءِ قَالَ تَعَالَى

وَيَجْعَلُوْنَ لَهٗ اَنْدَادًا اَیْ اَمْثَالًا وَاَشْبَاهًا
وَالْمِقَدُّ وَالضَّدِيْدُ وَالضَّرِيْدَةُ اَلْاَخِيْرَةُ عَنْ
ثَعْلَبٍ اھ وَالْخَالِفُ ضِدٌّ (قاموس) قَالَ ابْنُ
السِّكِّيْتِ حَكٰى لَنَا اَبُوْ عَمْرٍو اَضَدَّ مِثْلُ شَمَّ وَالضِّدُّ
خِلَافُهٗ وَمِثْلُهٗ فِي الْمُحْكَمِ وَالْمِصْبَاحِ (تاج العروس)
وَيَكُوْنُ جَمْعًا اَیْ وَالضِّدُّ قَدْ يَكُوْنُ جَمْعًا وَفِيْ
بَعْضِ النُّسَخِ وَيَكُوْنُ لِلْجَمْعِ جَمْعًا وَعِبَارَةُ اللِّسَانِ
وَقَدْ يَكُوْنُ جَمَاعَةً وَالْقَوْمُ عَلٰى ضِدٍّ وَاحِدٍ
اِذَا اجْتَمَعُوْا عَلَيْهِ فِي الْخُصُوْمَةِ اھ (تاج)
وَمِنْهُ قَوْلُهٗ تَعَالٰى وَيَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا وَقَالَ
الْفَرَّاءُ وَيَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِمْ عَوْنًا وَرُوِيَ عَنْ عِكْرِمَةَ
يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِمْ اَعْدَاءً وَقَالَ الرَّاغِبُ قَوْلُهٗ
وَيَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا اَیْ مُنَافِيْنَ لَهُمْ وَقَالَ
الْاَخْفَشُ اَلضِّدُّ يَكُوْنُ وَاحِدًا وَجَمَاعَةً مِثْلُ
الرَّصْدِ وَالْاَرْصَادِ وَالرَّهْطُ قَدْ يَكُوْنُ لِجَمَاعَةٍ
وَعَنْ اَبِيْ زَيْدٍ ضَدَّهٗ فِي الْخُصُوْمَةِ ضِدًّا اَغْلَبَهٗ
وَخَصَمَهٗ (تاج) وَضَادَّهٗ خَالَفَهٗ وَهُمَا مُتَضَادَّانِ
(قاموس) اَقُوْلُ وَالْمُتَضَادَّانِ لَا يَجْتَمِعَانِ مَعًا
وَلٰكِنْ يَصِحُّ اِرْتِفَاعُهُمَا مَعًا بِخِلَافِ النَّقِيْضَيْنِ
لِاَنَّهُمَا لَا يَصِحُّ اِجْتِمَاعُهُمَا مَعًا وَلَا اِرْتِفَاعُهُمَا
مَعًا فَهُمْ لَمْ يُذْكُرْ بَابَ الضَّادِ وَحَرْفَ الذَّالِ
لِيَكُوْنَ مَعْلُوْمًا

اسی سے ہے کہ تم نہ بناؤ اللہ کے لیے انداد یعنی اللہ اور اور اشباہ
اور ضد یہ ضد ہے اور ضید کو کہتے ہیں یہ ثعلب سے مروی ہے
اور خالف کو ضد کہتے ہیں۔ قاموس۔ ابن سکیت نے کہا
خلاف ان کو کہتے ہیں۔ ایسی ہی محکم میں بھی ہے (تاج)
اور ضد کبھی جمع ہوتی ہے اور بعض نسخوں میں ہے کہ ضد کا لفظ
جمع کے لئے جمع ہے، اور لسان العرب میں ہے کہ جماعت
ہوتی ہے اور کہتے ہیں کہ قوم ایک ضد پر ہے جبکہ وہ خصومت میں
ایک ضد پر جمع ہوں (تاج) اور اللہ تعالیٰ کا یہ قول اسی سے ہے
کہ ہوں گے ان پر ضد اور فراء نے کہا ہے کہ ہوں گے ان پر مددگار
اور عکرمہ رضی سے مروی ہے کہ ہوں گے ان کے دشمن اور راغب
نے کہا ہے کہ ہوں گے ان کے لئے مخالف اور اخفش نے کہا ہے
کہ ضد ایک اور جماعت ہوتی ہے جیسے کہ رصد اور ارصاد اور
رہط بھی جماعت کے لئے آتا ہے اور ابو زید سے مروی
ضدہ فی الخصومۃ ضدا، خصومت میں اس پر غالب آیا
اور خدا وہ اس کی مخالفت کی اور دونوں فی لف میں (قاموس)
میں کہتا ہوں کہ متضادان جمع نہیں ہو سکتے لیکن دونوں کا
ارتفاع جائز ہوتا ہے بخلاف نقیضین کے کیونکہ ان کا
جمع ہونا صحیح نہیں ہے اور نہ ارتفاع دونوں کا معا
ہو سکتا ہے پس سوچ لے ہم نے ضاد کے باب
اور حرف ذال کو ذکر نہیں کیا تاکہ معلوم ہو

بَابُ الضَّادِ وَحَرْفُ الرَّاءِ

ضاد کا باب حرف راء کے ساتھ

لَا تَضُرُّ مَعَهُ وَقَالَ وَلَا تُمْسِكُوا بِهِنَّ ضِرَارًا أَيْ مُضَارَّةً وَقَالَ تَعَالَى وَالَّذِينَ اتَّخَذُوا مَسْجِدًا ضِرَارًا أَيْ مُضَارَّةً لِلْمُؤْمِنِينَ وَضِرَارًا لِلْكِتَابِ ابْنُ الْأَزْوَرِ وَابْنُ الْخَطَّابِ وَابْنُ ثَقْفَاءَ وَابْنُ مُقَرِّ صَحَابِيُّونَ (قَامُوس) أَيْ هَؤُلَاءِ صَحَابِيُّونَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُمْ وَمِمَّا يُسْتَدَلُّ عَلَيْهِ النَّافِعُ الضَّارُّ مِنْ أَسْمَاءِ اللّٰهِ تَعَالَى الْحُسْنَى وَهُوَ الَّذِي يَنْفَعُ مَنْ يَشَاءُ مِنْ خَلْقِهِ وَيَضُرُّهُ حَيْثُ هُوَ خَالِقُ الْأَشْيَاءِ كُلِّهَا خَيْرِهَا وَشَرِّهَا وَنَفْعِهَا وَضَرِّهَا (تاج العروس) قُلْتُ هُوَ الَّذِي يَنْفَعُ مَنْ أَرَادَ النَّفْعَ مِنْ خَلْقِهِ وَيَضُرُّ مَنْ تَرَكَ النَّفْعَ مِنْ خَلْقِهِ حَيْثُ هُوَ مُقَدِّرُ الْأَشْيَاءِ كُلِّهَا أَيْ نَتَائِجُ خَيْرِهَا وَشَرِّهَا فَنَفْعُهَا وَضَرُّهَا وَالضَّرَّاءُ السَّنَةُ أَيِ الْقَحْطُ وَالضَّرَّةُ وَالضَّرَرُ وَالضَّيْرُ الزَّمَانَةُ (تاج العروس) قَالَ تَعَالَى غَيْرُ أُولِي الضَّرَرِ أَيْ غَيْرُ أُولِي الزَّمَانَةِ وَقَالَ ابْنُ عَرَفَةَ غَيْرُ مَنْ بِهِ عِلَّةٌ تَضُرُّهُ وَتَقْطَعُهُ عَنِ الْجِهَادِ وَمِنَ الضَّرِّ الضَّرَّةُ وَهِيَ شِدَّةُ الْحَالِ عَلَى فِعْلَةٍ قَالَهُ أَبُو الْهَيْثَمِ وَالِاضْطِرَارُ الِاحْتِيَاجُ إِلَى الشَّيْئَيْنِ (قاموس) وَقَدِ اضْطُرَّهُ إِلَيْهِ أَمْرٌ أَحْوَجَهُ وَأَلْجَأَهُ فَاضْطُرَّ بِضَمِّ الطَّاءِ بِنَاءُ افْتُعِلَ جُعِلَتِ التَّاءُ طَاءً لِأَنَّ التَّاءَ لَمْ يَحْسُنْ لَفْظُهَا مَعَ الضَّادِ (تاج العروس)

دودھ نہ پلائے، اور فرمایا اور نہ روکو ان کو ضرر دینے ہوئے اور فرمایا اور جنہوں نے مسجد ضرار بنائی ہے یعنی مومنوں کو ضرر دینے والی اور ضرار کتاب کیطرح ابن الازور اور ابن خطاب اور ابن ثقفاع ابن مقر صحابیوں کا نام ہے (قاموس) یعنی یہ سب صحابی ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہم ۱۲ اور اس پر یہ زیادہ کیا جاتا ہے نافع اور ضار اللہ کریم کے اسماء حسنیٰ سے ہیں یعنی جو کہ نفع دیتا ہے جس کو چاہتا ہے اور سب اشیاء کا خالق ہے خواہ خیر ہوں یا شر ہوں یا نافع ہوں یا مضر ہوں (تاج) میں کہتا ہوں وہی ہے کہ مخلوق میں سے جس کو نفع پہونچانا چاہتا ہے اس کو نفع دیتا ہے اور نفع کو ترک سے ضرر دیتا ہے کیونکہ وہی سب اشیاء کا اندازہ کرنیوالا ہے یعنی ان کے نتائج کا خواہ وہ اچھے ہوں یا برے نافع ہوں یا مضر ہوں اور ضراء قحط کو کہتے ہیں اور ضرر ضرار ضر ضیر زمانہ مرض کو بولتے ہیں (تاج العروس) اللہ تعالیٰ نے فرمایا جو کہ مزمن بیماری والے نہیں ابن عرفہ نے کہا ہے یعنی جنہیں کوئی علت نہیں جو کہ اس کو ضرر دیتی ہو اور جہاد سے اسے روکتی ہو اور ضر سے ضرۃ ہے اور یہ عبارت ہے بدحالی سے وزن اس کا فعلۃ ہے اور یہ ابو الہیثم کا قول ہے اور اضطرار کہتے ہیں کسی شیئے کیطرف محتاج ہونیکو (قاموس) محتاج کر دیا اس کی طرف کسی امر نے یہ اضطرہ کے ضمہ کے ساتھ یہ افتعل ہے باب افتعال سے تاء کو طاء بنا دیا گیا ہے کیونکہ تاء ضاد کے ساتھ اچھا نہیں خیال کیا جاتا ہے

وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ نَعْمَآءَ بَعْدَ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ وَقُوْلُهُمْ
وَاَخَذْنٰهُمْ بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ فَمَعْنَاهُ وَاَخَذْنَا
هُمْ بِالنَّقْصَانِ مِنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَيَجُوْزُ
جَمْعُهُمَا عَلٰى اَبْؤُسٍ وَاَضْرٍّ كَمَا يُجْمَعُ نُعْمَآءُ بِمَعْنَى
النِّعْمَةِ عَلٰى اَنْعُمٍ وَقَالَ اَبُو الدَّقِيْشِ كُلُّ مَا كَانَ
مِنْ سُوْءِ حَالٍ وَفَقْرٍ اَوْ شِدَّةٍ فِيْ بَدَنٍ فَهُوَ
ضُرٌّ اَيْ بِضَمِّ الضَّادِ وَمَا كَانَ ضِدًّا لِلنَّفْعِ فَهُوَ
ضَرٌّ اَيْ بِفَتْحِ الضَّادِ يُقَالُ ضَرَّهُ يَضُرُّهُ ضَرًّا بِالْفَتْحِ
وَيُقَالُ ضُرَّهُ بِهٖ بِالضَّمِّ وَاَضَرَّهُ اِضْرَارًا وَاَضَرَّ
بِهٖ وَضَارَّهُ مُضَارَّةً وَضِرَارًا بِالْكَسْرِ بِمَعْنًى
وَاحِدٍ وَالْاِسْمُ الضَّرَرُ فِعْلُ وَاحِدٍ وَالضِّرَارُ
فِعْلُ اِثْنَيْنِ وَمِنْهُ الْحَدِيْثُ لَا ضَرَرَ وَلَا ضِرَارَ
اَيْ لَا يَضُرُّ الرَّجُلُ اَخَاهُ فَيَنْقُصُهُ شَيْئًا مِنْ
حَقِّهٖ وَلَا يُجَازِيْهِ عَلٰى اِضْرَارِهٖ بِاِدْخَالِ الضَّرَرِ
عَلَيْهِ وَالضَّرِيْرُ الذَّاهِبُ الْبَصَرِ (قاموس) وَمِنْهُ
الْحَدِيْثُ فَجَآءَ ابْنُ اُمِّ مَكْتُوْمٍ لِيَسْئَلَهُ ضِرَارَتَهُ
الضَّرَارَةُ هُنَا هِيَ الْعَمٰى وَكَانَ الرَّجُلُ ضَرِيْرًا
وَهُوَ مِنَ الضُّرِّ الَّذِيْ هُوَ سُوْءُ الْحَالِ (المجمع) وَالضَّرِيْرُ
الْمُضَارَّةُ اَيْضًا قَالَ الْمُضَارُّ قَالَ تَعَالٰى
وَلَا تُضَآرُّوْهُنَّ وَقَالَ وَلَا يُضَآرَّ كَاتِبٌ وَّلَا
شَهِيْدٌ وَقَالَ وَلَا تُضَآرَّ وَالِدَةٌ بِوَلَدِهَا
وَلَا مَوْلُوْدٌ لَّهٗ بِوَلَدِهٖ اَيْ لَا تُضَآرَّ بِنَزْعِ الْوَلَدِ
اَوْ لَكَ عَنْهَا وَلَا تُضَآرَّ اُمٌّ اَبَ

اور اگر (کفر) کے بعد اس کو نعمت چکھائے اور یہ قول اور کہا
ہم نے ان کو سختی اور دکھ کے ساتھ پس اس کے معنے ہیں
مالوں اور جانوں کے نقصان کے اور اس کی جمع ابؤس اور
اضر پر جائز ہے جیسا کہ نعماء بمعنے نعمت انعم پر جمع کیا جاتا
ہے اور ابو الدقیش نے کہا ہے جو بدحالی اور ضعیفی اور
تکلیف ہو وہ ضر ہے ضاد کے ضمہ کے ساتھ اور جو نفع کی
ضد ہو وہ ضر ہے ضاد کے فتح کے ساتھ کہا جاتا ہے ضرہ ینفعہ
ضرًا فتح کے ساتھ اور کہا جاتا ہے ضرہ یضرہ ضرًا بالفتح
اضرہ اضرارًا اور ضر بہ اور ضارہ مضارۃ اور ضرارًا کسرہ
کے ساتھ یہ سب ایک ہی معنے رکھتے ہیں اور اسم مذکر ہے اور
یہ ایک کا فعل ہے اور ضرار دو کا فعل ہے اور اسی سے یہ حدیث
ہے کہ نہ ضرر اور نہ ضرار یعنی نہ انسان اپنے بھائی کو نقصان
پہونچانے پر نقصان پہونچانے کے ساتھ اس کو بدلہ دے
اور ضریر اندھے کو کہتے ہیں (قاموس)
اور اسی سے یہ حدیث ہے پس آیا ابن ام مکتوم (عبداللہ) حالانکہ
کرتا تھا اپنی نابینائی کی اور وہ نابینا تھا اور یہ اس ضر
سے جو بمعنی بدحالی ہے (مجمع البحرین) اور نیز ضریر کہتے
ہیں ضرر دی ہوئی اور دیئے ہوئے کو فرماتا ہے اور
نہ ضرر دیا جائے ان عورتوں کو اور فرمایا نہ ضرر دیا جائے
نہ کاتب کو اور نہ شاہد کو اور فرمایا اور نہ ضرر دیا جائے
والدہ کو اس کے ولد کے باعث اور باپ کو بچہ کے سبب
یعنی ان کو اسطرح ضرر دیا جائے کہ جس سے
چھین لے اور ماں باپ کو ضرر دے کہ اس کو

بَصْرِ بَانِ الْغَائِطَ يَتَحَدَّثَانِ اھ وَفِي حَدِيثٍ آخَرَ
مَشَارِقَ الْأَرْضِ وَمَغَارِبَهَا إِذَا عَضَدُوا شَجَرَةً
وَمِنْهُ قَوْلُهُ تَعَالَى وَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيقًا فِي الْبَحْرِ يَبَسًا
وَفِي حِكَايَةِ عَلِيٍّ ضَرَبَ يَعْسُوبُ الدِّينِ بِذَنَبِهِ
أَيْ ذَهَبَ مَعَ جَمَاعَتِهِ وَأَمَّا مَعْنَى الْعَصَا فِي قَوْلِهِ
تَعَالَى أَيَحْسَبُ الْقَوْمُ قَالَ فِي الْقَامُوسِ جَمَاعَةُ الْإِسْلَامِ
وَقَالَ أَيْضًا شَقُّ الْعَصَا مُخَالَفَةُ جَمَاعَةِ الْإِسْلَامِ
وَقَالَ فِي مَجْمَعِ بِحَارِ الْأَنْوَارِ شَقُّ الْعَصَا فَارَقَ
الْجَمَاعَةَ اھ وَقَالَ فِي التَّاجِ وَأَيْضًا الْعَرَبُ جَمَاعَةُ
وَفِي الصِّحَاحِ يُقَالُ فِي الْخَوَارِجِ قَدْ شَقُّوا عَصَا الْمُسْلِمِينَ
أَيِ اجْتِمَاعَهُمْ وَأُلْبَتَهُمْ اھ وَقَالَ فِي النِّهَايَةِ
شَقَّ الْعَصَا أَيْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ إِلَى أَنْ قَالَ وَمِنْهُ
الْحَدِيثُ إِنَّ الْخَوَارِجَ شَقُّوا عَصَا الْمُسْلِمِينَ وَفَرَّقُوا
جَمَاعَتَهُمْ اھ وَفِي كِتَابِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ عِيسَى
الْهَمَذَانِيِّ فِي بَابِ الْمُخَالَفَةِ عَصَى الرَّجُلُ وَخَلَعَ
فَخَالَفَ وَشَقَّ الْعَصَا وَفَارَقَ الْجَمَاعَةَ اھ وَقَالَ
فِي التَّاجِ وَإِيَّاكَ وَقَتِيلَ الْعَصَا أَيْ إِيَّاكَ أَنْ
تَكُونَ قَاتِلًا أَوْ مَقْتُولًا فِي شَقِّ عَصَا الْمُسْلِمِينَ وَ
فِي الْأَسَاسِ عَبِيدُ الْعَصَا إِنَّمَا هُمْ بُوتَ
مَنْ أَدَاسُمْ وَمَا يُسْنِدُ لَكَ إِذَا شُقَّتِ الْعَصَا
وَقَعَ الْاِخْتِلَافُ وَأَنْشَدَ

إِذَا كَانَتِ الْهَيْجَاءُ وَانْشَقَّتِ الْعَصَا
فَحَسْبُكَ وَالضَّحَّاكَ سَيْفٌ مُهَنَّدُ

باتیں کرتے ہوں اور ایک حدیث میں ہے جادو میں
کے مشرقوں اور مغربوں کی طرف اور اس سے
کاٹ لیتے اور جلانے کے لیے جمع کرتے
پیدا اور حضرت علی کی حدیث میں ہے کہ سبب ابن
اپنی جماعت کو لیکن عصا کے
یہاں قاموس میں جماعت
کہتے ہیں جماعت اسلام کی مخالفت کو اور
میں کہا ہے شق العصا جماعت سے جدا ہونا اور
میں کہا ہے اور نیز قوم کی جماعت میں تفرقہ ڈالنا کو کہتے
ہیں اور صحاح میں ہے لوگ خوارج کی نسبت کہتے ہیں
کہ انہوں نے عصا المسلمین یعنی اتفاق
جماعت میں دراڑ ڈال دی اور نہایہ میں ہے شق عصا
جماعت سے جدا ہونا یہاں تک کہ اس نے کہا کہ اس سے یہ حدیث ہے
کہ خوارج نے مسلمانوں کی جماعت میں تفرقہ ڈالا اور عبدالرحمن
بن عیسیٰ ہمدانی کی کتاب میں ہے کہ مخالفت کے باب میں کہ
مرد نے نافرمانی کی اور فرماں برداری سے نکل گیا اور مخالفت
کی اور جماعت سے جدا ہوا اور تاج میں کہا اور بچ اس سے
کہ تو قتیل عصا ہو جائے یعنی اس سے بچ کہ تو مسلمانوں کی
جماعت کے تفرقہ میں قاتل یا مقتول بنے اور اساس میں ہے
کہ لوگ عصا کے غلام ہیں یعنی اس سے ڈرتے ہیں جو کہ کہ
ایذا پہنچائے اور اس سے زیادہ یہ کہا جاتا ہے کہ شقت
العصا یعنی اختلاف واقع ہوا اور یہ شعر پڑھا جبکہ جنگ ہو اور
اختلاف پڑ جائے پس تجھ کو اور ضحاک کو مہند تیز تلوار کافی ہے

قَالَ تَعَالٰی فَمَنِ اضْطُرَّ فِی مَخْمَصَةٍ غَیْرَ مُتَجَانِفٍ
لِّاِثْمٍ وَقَالَ فَمَنِ اضْطُرَّ غَیْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ وَ
قَالَ ثُمَّ اَضْطَرُّهٗۤ اِلٰی عَذَابِ النَّارِ وَبِئْسَ
الْمَصِیْرُ وَقَالَ ثُمَّ نَضْطَرُّهُمْ اِلٰی عَذَابٍ غَلِیْظٍ
وَقَالَ اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ
وَالْاِسْمُ الضَّرَّةُ وَقَالَ فِی الْقَامُوْسِ الضُّرُّ وَبِالضَّمِّ
الْحَاجَةُ اھ وَالْمَضَرَّةُ خِلَافُ الْمَنْفَعَةِ وَالضُّرُّ
اَصْلُ الْاَنْمُلَةِ وَاَصْلُ الضِّرْعِ وَالشَّحْمَةُ الْمُتَدَلِّیَةُ
لِّیَةِ مِنَ الْاَلْیَةِ وَاللَّحْمَةُ الَّتِیْ تَحْتَ الْاِبْهَامِ
اَوْ بَاطِنُ الْكَفِّ وَالْقِطْعَةُ مِنَ الْمَالِ وَالْاِرْبِ
وَالْغَنَمِ ضَرَابُ الْفَرْبِ اِیْقَاعُ شَیْءٍ عَلٰی
شَیْءٍ خَ قَوْلُهٗ تَعَالٰی فَاضْرِبُوْا فَوْقَ الْاَعْنَاقِ
وَقَوْلُهٗ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا وَقَوْلُهٗ فَمَرَاغَ
عَلَیْهِمْ ضَرْبًا بِالْیَمِیْنِ وَقَوْلُهٗ یَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ
وَاَدْبَارَهُمْ وَاَمَّا قَوْلُهٗ تَعَالٰی اضْرِبْ لَهُمْ
فِی الْحَجَرِ فِیْ هٰذِهِ الْاٰیَةِ تَفْصِیْلًا وَهُوَ اَهْدَفُ
قِیَ الطَّیْرُ تَضْرِبُ ذَهَبَتْ تَبْتَغِی الرِّزْقَ (قاموس)
لَاةِ وَفِی التَّاجِ الطَّیْرُ الصَّوَارِبُ اَیْ تَطْلُبُ الرِّزْقَ
وَفِی اللِّسَانِ فِی الْمُخْتَرَعَاتِ فِی الْاَرْضِ مِنَ الطَّالِبَاتِ
اَرْزَاقَهَا وَفِی الْاَسَاسِ ضَرَابَ فِی الْاَرْضِ
مَسْرَحَ وَفِی التَّاجِ ضَرَبَ ذَهَبَ یَضْرِبُ الْغَائِطَ
وَالْخَلَاءَ ..... اِذَا ذَهَبَ لِقَضَاءِ الْحَاجَةِ
وَمِنْهُ الْحَدِیْثُ لَا یَذْهَبُ الرَّجُلَانِ
فِی الْعَصَا وَالْحَجَرِ ص

فرمایا پس جو مجبور ہو جائے بھوک میں نہ چاہتا ہوا گناہ
کیطرف اور فرمایا پس جو مجبور ہو جائے نہ بغاوت کرتا
ہوا اور نہ حد سے گزرتا ہوا اور فرمایا پھر میں اسے مجبور کرونگا
آگ کے عذاب کیطرف اور برا مرجع ہے اور فرمایا
پھر ہم مجبور کریں گے اس کو سخت عذاب کیطرف اور
فرمایا کون قبول کرتا ہے مضطر کی جبکہ وہ پکارتا ہے
اور اسم ضرۃ ہے اور قاموس میں کہا ہے کہ ضرورت حاجت
کو بولتے ہیں اھ اور مضرۃ منفعت کی مخالف ہے اور ضر
پوروں کی جڑ ہوں کو کہتے ہیں اور ہاتھ کی جڑ کو اور دنبہ کی
چکلی کی وہ چربی جو لٹکی ہوتی ہے اور وہ گوشت جو کہ انگوٹھے
کے نیچے یا ہتھیلی کے اندر گوشت ہے اور مال کے ٹکڑا
اور اونٹوں اور بھیڑ بکریوں کے گلہ کو ضراب ضرب
کہتے ہیں ایک چیز کو دوسری پر مارنا جیسا کہ اللہ کریم کا یہ قول
پس گردنوں کے اوپر مارو اللہ یہ قول پس ہم نے کہا کہ مارو اس کو
(یا) اس کے بعض کے ساتھ اور یہ قول پس جھکا اپنے داہنے ہاتھ سے
مارتا ہوا اور یہ قول مارنا اس کا منہ کو اور پیٹھوں کو لیکن قول
کہ اضرب بعصاک الحجر پس اس کے معنے ہیں لیجا اپنی قوم کو پہاڑ
کیطرف اور عنقریب میں ذکر کرونگا اس آیت میں ضرب
اور عصا اور حجر کے معنے تفصیل کے ساتھ اور وہ یہ ہیں کہتے ہیں
ضربت الطیر ضرب یعنی رزق کی تلاش میں پرند گیا (قاموس) اور
میں ہے الطیر الصوارب کہتے ہیں رزق کے طالب پرندوں کو اور لسان العرب
میں ہے زمین میں اور رزق کو طلب کرنے کو اور اساس میں ہے ضرب فی الارض
کے معنے ہیں نکلا اور تاج میں ہے ضرب گیا یضرب الغائط والخلاء جبکہ قضاء حاجت

لَا أَجِدُ لَا وَكَذَا إِلَيْكَ وَلِضَرِيبِهِمْ مِثْلُ الْحَيَوٰةِ الدُّنْيَا
وَقَوْلُهُ تَعَالٰى أَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا مَعْنَاهُ
نَضْرِبُ وَالِاضْطِرَابُ كَثْرَةُ الذَّهَابِ مِنَ الْجِهَاتِ
مِنَ الضَّرَبِ فِي الْأَرْضِ وَالضَّرِيبَةُ السَّجِيَّةُ
وَالطَّبِيعَةُ **ضَرْعٌ** الضَّرْعُ مَعْرُوفٌ لِلشَّاةِ
وَالْبَقَرِ وَفِي الْمُقَامُوسِ ضَرْعُهَا ثَامَّا لِلنَّاقَةِ
فَخِلْفٌ اھ أَيْ يُقَالُ لَهُ خِلْفٌ النَّاقَةِ بِكَسْرِ الْخَاءِ
وَجَمْعُ الضَّرْعِ ضُرُوعٌ وَفِي اللِّسَانِ ضَرْعُ الشَّاةِ
وَالنَّاقَةِ مَدَدُ لَبَنِهَا اھ وَفِي التَّوْشِيحِ الضَّرْعُ لِلْبَهَائِمِ
كَالثَّدْيِ لِلْمَرْأَةِ اھ وَالضَّرِيعُ كَأَمِيرٍ الشِّبْرِقُ
أَوْ يَبِيسُهُ أَوْ نَبَاتٌ رَطْبَةٌ لَيِّنَةٌ مُنْتِنَةٌ يَنْبُتُ بِالسَّ
ضَرَائِعُ لَا تَقْرَبُهُ دَوَابُّ لِمَا فِيهِ مِنَ الْمَوْسِ وَقَالَ
أَبُو حَنِيفَةَ هُوَ مَرْعًى شَجَرٍ وَلَا يَعْرِفُ لَهُ
شَجَرًا وَلَا كَلَأً فَإِنْ لَمْ تُفَارِقْهُ إِلَى غَيْرِهِ نَاقَتُهُ
قَالَ نَصِيبُ بْنُ الْعَنْبَرِ تَصِفُ الْإِبِلَ وَمَوْتَهَا
مَرْعَاهَا وَحُبِسَتْ فِي الضَّرِيعِ وَحُمِّلَهَا
دَامِيَةُ الْيَدَيْنِ حَرْدُ مِدْنَاحٌ قُلْتُ وَلِطُولِ الضَّرْعِ
عَلَى الْحَمَامِ أَهْلِ النَّارِ لِلْخَبَرِ قَالَ تَعَالٰى لَيْسَ لَهُمْ
طَعَامٌ إِلَّا مِنْ ضَرِيعٍ لَا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِي مِنْ جُوعٍ
وَضَرَعَ إِلَيْهِمَا مَالَ وَلَ ضَرَعَ إِيَّاهُ ذَلِيلٌ مِنْهُ
ضَرَعَ الرَّجُلُ ضَرَعَةً ضَعُفَ وَذَلَّ فَهُوَ ضَارِعٌ
وَضَرِيعٌ وَتَضَرَّعَ أَتَاهُ بِمَا يَصْرَعُ مِنَ الْمَضَرَّاتِ
فَتَضَرَّعَ إِلَى مَنْ يَمْلِكُ وَذَلَّ (قاموس)

مگر جھکڑے کے طور پر اور اسیطرح اور بیان کرانکے لئے
ورلی زندگی کی مثال اور یہ قول کہ کیا ہم پھیر دیں اس ذکر سے پہلو
پس اسکے معنے ہیں پھیرنے کے اور اضطراب کہتے ہیں زیادہ
ادھر ادھر جانیکو اور ضریبہ کہتے ہیں خصلت اور طبیعت کو

ضَرْعٌ ضرع مشہور ہے بکری گائی کیلئے اونٹنی اور
اور قاموس میں ہے اور انکی مثل اور چیز نہ کہے لیکن اونٹنی کیلئے
پس اسکو خلف کہتے ہیں یعنی اونٹنی کے پستان کو خلف
کسر کیساتھ کہتے ہیں اور ضرع کی جمع ضروع ہے، اور
لسان العرب میں ہے بکری اور اونٹنی کی ضرع انکے پستان کو
کہتے ہیں اور توشیح میں ہے کہ ضرع مویشی کیلئے عورت کی ثدی
یعنی تو کی مانند ہے اور ضریع امیر وزن پر شوہر یا خشک ہوئی
ضرائع کہ نہ چرے اسکو چوپایہ اور قاموس میں ہے ایک بوٹی ہے کہ سبز کو شبرق کہتے ہیں اور خشک کو ضریع کہتے ہیں
ابو حنیفہ ہو مرعی شجر ولا یعرف لہ
شجرا ولا کلا فان لم تفارقہ الی غیرہ ناقتہ
اور ابو حنیفہ رحمۃ اللہ نے کہا ہے کہ وہ بری چراگاہ ہے اور جانور
اسکے نہ چرلی چرتی ہے اور نہ گوشت پس اگر اس سے جدا نہ ہو
تو اسکی حالت بہت بری ہوجاتی ہے، قیس بن عنبرہ نے کہا ہے
اونٹنی کی تعریف کرتا ہے اور اسکی چراگاہ کی برائی کا بیان
کرتا ہے اور بند کیگئے بری چراگاہ میں وہ سب کڑے اور
مجروح پاؤں والی کینہ دار ہیں (تاج) میں کہتا ہوں کہ ضریع
دوزخیوں کی خوراک کا نام ہے اسکی خبث کے باعث فرمایا ان کے
لئے بجز ضریع کے اور کچھ طعام نہیں ہوگا جو کہ نہ موٹا کریگا اور
سیر کی بچائیگا اور ضرع ایسا کہتے ہیں کہ اپنی مانگا نشیان پکڑا
اور کہا گیا ہے کہ ضرع الرجل ضرعۃ جسکے معنے ضعیف اور ذلیل ہوگیا

وَاَمَّا الْحَجَرُ فِیْ صِحَاحِ الْجَوْهَرِیِّ بِفَتْحَتَیْنِ اَلْعَقْلُ
اَلْحِجَارُ جَمْعُ الْقِلَّةِ حِجَارَةٌ جَمْعُ الْكَثْرَةِ
وَالْحَجَرُ بِالْفَتْحِ لُغَةُ الرَّمْلِ وَالْحَجَرُ مُحَجَّرُ الْعَيْنِ وَهُوَ
مَادَّةٌ بِهَا وَشَاهِدُهُ قَوْلُ الْاَخْطَلِ وَحَجَرٌ بِلَادُ
قَضَبَةٌ بِالْيَمَامَةِ وَمُدُنٌ مَعْرُوْفَةٌ وَقَدْ يُؤَنَّثُ
فَلَا يُصْرَفُ كَاَمْرَةٍ وَاِسْمُهَا سَهْلٌ وَقِيْلَ هِیَ سُوْفَةُ
فِی الْمَرَاصِدِ مَا بَيْنَهَا وَاُمِّ قِرْفَا دَاَ مِلُهَا
الْحَيْفَةُ وَلِكُلِّ قَوْمٍ فِيْهَا حَظٌّ كَالْبَصْرَةِ قَالَ
وَحَجَرٌ عَيْنٌ بِدِيَارِ بَنِیْ عُقَيْلٍ يُقَالُ لَهُ حَجَرُ الثَّرَاءِ
وَهُوَ قَرْنٌ ظَلِيْلٌ اَسْفَلُهُ كَالْعُوْدِ فَاَعْلَاهُ
مُنْتَشِرٌ وَحَجَرٌ وَادٍ بَيْنَ بِلَادِ هُذَيْلٍ وَغَطَفَانَ
وَحَجَرٌ جَبَلٌ اَيْضًا بِلَادِ غَطَفَانَ وَحَجَرٌ عَيْنٌ
بِالْيَمَنِ وَحَجَرٌ جَمْعُ حَجْرَةٍ لِلنَّاحِيَةِ كَحُجَرٍ وَحُجَيْرَةٍ
فَهٰذِهِ الْعِبَارَةُ مِنَ الْقَامُوْسِ وَشَرْحِهِ تَاجُ
الْعَرُوْسِ وَاَمَّا قَوْلُهٗ تَعَالٰی ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ
فَمَعْنَاهُ اَلْصَقَتْهُمُ الذِّلَّةُ اَلْتَحَاتُ الْمُحْكَمُ مِنْ
ضُرِبَتْ عَلَيْهِ وَعَلٰی هٰذَا قُضِيَتْ عَلَيْهِمُ الْمَسْكَنَةُ
وَمِنْهُ اُسْتُعِيْرَ فَضَرَبْنَا عَلٰی اٰذَانِهِمْ فَضَرْبٌ
بَيْنَهُمْ يَسُوْرٌ لَهٗ بَابٌ وَاَمَّا قَوْلُهٗ تَعَالٰی ضَرَبَ اللّٰهُ
مَثَلًا فَمَعْنَاهُ بَيَّنَ وَوَصَفَ وَكَذٰلِكَ وَاضْرِبْ
لَهُمْ مَثَلًا اَیْ بَيِّنْ وَكَذٰلِكَ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا
لِلنَّاسِ فِیْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ وَكَذٰلِكَ وَلَمَّا
ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا وَكَذٰلِكَ مَا ضَرَبُوْهُ

(حجر کی نسبت صحاح جوہری میں ہے) دو فتحوں کے ساتھ
پتھر کو کہتے ہیں جن قلت انکی اجحار اور جمع کثرت حجارہ
حجارہ ہے اور حجر فتح کے ساتھ صاف ریت کو کہتے ہیں
اور حجر آنکھ کے علقہ کو بھی کہتے ہیں اور شاہد اس کا اخطل کا قول
ہے اور حجر یمامہ کے سوا یمامہ کا ایک قصبہ ہے اور شہر
مذکر ہوتا ہے اور کبھی مؤنث ہوتا ہے پھر غیر منصرف ہوتا
ہے جیسے عورت کا نام سہل ہو اور کہا جاتا ہے کہ حجر کا نام
اور مراصد میں ہے کہ وہ یمامہ کا شہر اور وہ اس
اور اصل اس کا حیفہ ہے اور ہر ایک قوم کے لیے اس میں حصہ ہے جیسا کہ
بصرہ اور کوفہ میں اور حجر ایک چشمہ ہے بنو عقیل کے گھر میں
اسکو حجر الثراء کہتے ہیں اور وہ قرن ظلیل ہے اسکی جڑ
ستون کی طرح ہے اور اوپر کی طرف پھیلا ہوا ہے اور حجر وادی ہے
بلاد ہذیل اور غطفان کے مابین اور حجر غطفان کے بلاد میں
میں واقع ہے اور یمن میں ایک چشمہ ہے اس نام کا اور حجیرہ
کی جمع ہے جو بمعنی طرف کے ہے جیسا حجرہ یہ عبارت قاموس
اور اسکی شرح تاج العروس کی ہے لیکن خداوند کریم کا قول
ضربت علیہم الذلۃ پس اس کے معنی ہیں کہ ذلت نے ان کو لصیق ہے جیسا
کہ خیمہ اس پر محیط ہوتا ہے کہ جھیرہ لگا یا جاتا ہے اور اسی محورہ سے
ضربت علیہم المسکنۃ اور اسی سے استعارہ کیا گیا ہے ہم نے مارا ان
کانوں پس ماری جاتی ہے ان کے مابین ایک دیوار جس کا دروازہ ہوتا ہے
لیکن یہ قول ضرب اللہ مثلا پس اس کے معنی میں بیان کی
وہ اسطرح اللہ بیان کرتا ہے ان کے لیے مثال اور اسطرح یہ کہ
ضرب ہم نے لوگوں کے لیے قرآن مجید میں ہر ایک قسم کی مثل بیان کی ہے اور جب

وَقَدْ يُقَالُ الضَّعْفُ بِالْاِسْتِكَانَةِ نَحْوُ قَوْلِهٖ تَعَالٰى قَالَ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا وَقَدْ يُقَالُ بِالشَّيْءِ الْقَلِيْلِ اَيْضًا كَالنُّطْفَةِ نَحْوُ قَوْلِهٖ تَعَالٰى هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ ضُعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ ضُعْفًا وَّشَيْبَةً وَاَمَّا قَوْلُهٗ تَعَالٰى خُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا فَمَعْنَاهُ مُحْتَاجًا وَالضُّعْفُ بِكَسْرِ الضَّادِ اِسْمٌ مِّنْ اَسْمَاءِ الْعَذَابِ وَمِنْهُ قَوْلُهٗ تَعَالٰى لِكُلٍّ ضِعْفٌ اَيْ عَذَابٌ وَقَوْلُهٗ لَاَذَقْنٰكَ ضِعْفَ الْحَيٰوةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ يَعْنِيْ عَذَابَ الدُّنْيَا وَعَذَابَ الْاٰخِرَةِ مُتَضَاعِفَيْنِ وَاَمَّا قَوْلُهٗ تَعَالٰى اَضْعَافًا مُّضَاعَفَةً فَمَعْنَاهُ اَمْثَالًا كَثِيْرَةً مُّتَزَايِدَةً وَكَذٰلِكَ قَوْلُهٗ هُمُ الْمُضْعِفُوْنَ وَقَوْلُهٗ تَعَالٰى يُضٰعَفْ لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ فَمَعْنَاهُ مِثْلَيْنِ وَكَذَا قَوْلُهٗ جَزَآءً ضِعْفًا فَمَعْنَاهُ اَلْمِثْلُ وَقَوْلُهٗ تَعَالٰى وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْهَا فَمَعْنَاهُ يُبَيِّنُهَا عَشْرًا اَمْثَالِهَا لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا وَقَوْلُهٗ سَيِّئَهَا اَوْ ضَعِيْفًا فَمَعْنَاهُ اَوْ اَبْلَهَ لَا عَقْلَ لَهٗ صَغِيْرًا كَانَ اَوْ كَبِيْرًا وَلَفْظُ الضَّعِيْفِ يُطْلَقُ عَلَى الْيَتِيْمِ وَالْمَرْاَةِ وَمِنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ فِي الضَّعِيْفَيْنِ يَعْنِي الْيَتِيْمَ وَالْمَرْاَةَ

اور ضعف کو تکبر کا مقابل کیا گیا ہے جیسا کہ اللہ کریم کا اس قول میں جو ضعیف کئے جاتے تھے متکبروں کیلئے اور تھوڑی شے کیلئے بھی آتا ہے جیسا نطفہ جیسا کہ اللہ کا قول اللہ وہ ہے کہ جس نے تم کو پیدا کیا ضعف سے پھر ضعف کے بعد قوت بنائی پھر قوت کے بعد ضعف بنایا اور بڑھاپا لیکن یہ قول کہ انسان ضعیف پیدا کیا گیا ہے یعنی محتاج کی میں اور ضعف ضاد کے کسرہ کیساتھ نام ہے عذاب کا اور اسی اللہ تعالیٰ کا یہ قول ہے اور ہر ایک کیلئے ضعف یعنی عذاب اور یہ قول ضرور چکھاتے تمہیں زندگی اور موت کا عذاب یعنی دنیا اور آخرت کا عذاب دوچند لیکن قول کہ اضعافاً مضاعفۃ پس اس کے معنے ہیں بہت سی زائد مثلیں اور اسیطرح یہ قول وہ دوچند کیا جائیگا ان کیلئے عذاب اور اسیطرح یہ قول دوچند جزا اور یہ قول اور اگر بھلائی ہو تو اس کو زیادہ کرتا ہے یعنی وہ جس اللہ تعالیٰ کے اس قول کیلئے جو بھلائی لائیگا پس اس کیلئے دس مثلیں ہونگی اور یہ قول یا تو ضعیف یعنی ابلہ بیعقل چھوٹا ہو یا بڑا ہو اور ضعیف کا لفظ بولا جاتا ہے یتیم اور عورت پر اور اسی سے ہے اللہ سے دو ضعیفوں میں یعنی یتیم اور عورت کی نسبت

بَابُ الضَّادِ حَرْفُ الْغَيْنِ

ضاد کا باب حرف غین کے ساتھ

ضِغْثٌ الضِّغْثُ بِالْكَسْرِ وَالْفَتْحِ

ضِغْثٌ ضغث کہتے ہیں کسرہ اور فتحہ کے ساتھ

قَالَ تَعَالٰی اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً اَنْ يُّظْهِرَ الضَّرَاعَةَ وَحَقِيْقَتُهُ الْخُشُوْعُ وَانْتِصَابُهُمَا عَلَى الْحَالِ اِنْ كَانَ مَصْدَرَيْنِ وَكَذٰلِكَ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا فَلَوْلَآ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا وَلٰكِنْ قَسَتْ قُلُوْبُهُمْ وَخَضَعُوْا وَلِذَا قَوْلُهٗ تَعَالٰى وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُوْنَ لَعَلَّهُمْ يَضَّرَّعُوْنَ لَعَلَّهُمْ يَضَّرَّعُوْنَ اَىْ يَتَضَرَّعُوْنَ لٰكِنْ اُدْغِمَ وَقَالَ فِى التَّاجِ وَقَبْلَ التَّضَرُّعُ اَلْمُبَالَغَةُ فِى السُّؤْلِ وَالرَّغْبَةِ وَمِنْهُ حَدِيْثُ اَلْاِسْتِسْقَاءِ خَرَجَ مُتَبَذِّلًا مُتَضَرِّعًا اِلٰى اٰخِرِهٖ وَالْمُضَارَعَةُ اَصْلُهَا اَلْمُشَارَكَةُ فِى الضَّرَاعَةِ ثُمَّ جُرِّدَ لِلْمُشَارَكَةِ وَمِنْهُ اُسْتُعِيْرَ اَفْعَلُ اَلْمُضَارِعِ الَّذِىْ هِىَ اِحْدَى الرَّوَادِفِ الْاَرْبَعِ نَحْوُ يَقُوْلُ اَنَا اَوْ نَاْبِىْ لَمْ نَذْكُرْ بَابَ الضَّادِ وَحُرُوْفَ الرَّاءِ وَالسِّيْنِ وَالشِّيْنِ وَالصَّادِ وَالْفَاءِ وَالطَّاءِ وَالظَّاءِ لِيَتَبَيَّنَ مَعْلُوْمًا

فرمایا اللہ تعالیٰ نے پکارو اپنے رب کو تضرع وزاری اور آہستہ یعنی اخفا کی خشوع کی حقیقت کو ظاہر کرتے ہوئے اور ان دونوں کی نصب حال ہونے کی وجہ سے اگرچہ یہ دونوں مصدر ہیں اور اسی طرح یہ حال جب ہماری طرف سے ان کے پاس آئی تو تضرع کرتے لگے اور سخت ہوئے ان کے دل اور خوش کر دیا ان کو شیطان نے جو کام کرتے تھے اور تاکید ہے اس پر قول اللہ تعالیٰ کا اور نہ تضرع کرتے ہیں کہ شاید وہ تضرع کریں یہ اصل میں یتضرعون تھا یکجا کر دیا گیا اور کہا گیا ہے کہ تضرع کہتے ہیں زاری اور خواہش میں مبالغہ کرنے کو اور اسی سے استسقا کی حدیث ہے کہ نکلے وہ بچھے اور مضارعت اصل میں مشارکت میں ضراعت میں شرکت کرنے کو کہتے ہیں پھر خالی مشارکت کیلئے استعارہ کرنے لگے اور اسی سے مستعار ہے یہ لفظ مضارع کہ جس کے اول میں حروف انیت یا تا میں سے کوئی ہوتا ہے

ہم نے ضاد کا باب اور حروف راء اور سین شین صاد وطاء ظاء کو نہیں ذکر کیا تاکہ معلوم ہو

بَابُ الضَّادِ حَرْفُ الْعَيْنِ

ضاد کا باب، حرف عین کے ساتھ

ضُعْفٌ اَلضُّعْفُ بِضَمِّ الضَّادِ خِلَافُ الْقُوَّةِ قَالَ تَعَالٰى ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوْبُ وَقَالَ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضُعْفًا وَقَالَ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَقَالَ مُسْتَضْعَفِيْنَ فِى الْاَرْضِ وَقَالَ اِنَّ الْقَوْمَ اسْتَضْعَفُوْنِىْ وَقَالَ وَنُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِى الْاَرْضِ

ضُعف - ضعف قوت کے خلاف کہتے ہیں فرمایا اللہ تعالیٰ نے طالب اور مطلوب دونوں ضعیف ہیں اور فرمایا اور وہ جانتا ہے کہ تم میں ضعف ہے اور فرمایا اور ضعیف مرد اور فرمایا جو ضعیف سمجھے جاتے تھے زمین میں اور فرمایا بیشک لوگوں نے مجھے ضعیف سمجھ لیا اور ضعیف کر دیا اور فرمایا اور ہم چاہتے ہیں کہ احسان کریں ان پر جو ضعیف کئے گئے اس زمین میں

لتبيين أيهما وقال ناضل عما جئتم وما تعوني
وأما قوله تعالى فضل أعمالهم فمعناه أبطلها
وإن ما قوله ليدعهم في تضليل في مائل
وإضلال لأنفسهم وأما قوله تعالى فعجدك
ضالا فهداى فمعناه سائلا والضلال بمعنى
الحب اخفى كقوله تعالى إن أبانا لفي
ضلال مبين يعني محبة إنك لفي ضلالك القديم
وإنك لقد كان حبها إنا لنراها في ضلال
مبين وقد يسمى بالنسيان فيه قوله تعالى
أن تضل احداهما فتذكر إحداهما الأخرى
أي تنسى وقوله وأنا من الضالين فمعناه
من الجاهلين لقومهم والضلال ضد الهدى
نحو قوله تعالى قل إن ضللت فإنما أضل
على نفسي وأما قوله تعالى إن المجرمين في
ضلال وسعر فمعناه في عذاب وقوله إذا
ضللنا في الأرض فمعناه عاد إذا متنا وقوله
ولا الضالين فالمراد النصارى حيث أنهم
جعلوا البشر إلها وذلك لجهلهم
وبعد محبتهم وتأويل الضلال بالكفر نحو
قوله تعالى ومن يكفر بالله وملائكته و
كتبه ورسله واليوم الآخر فقد ضل ضلالا
بعيدا وكذلك قوله إن الذين كفروا و
صدوا عن سبيل الله قد ضلوا ضلالا بعيدا

اور فرمایا اور میں گمراہ ہوا تمہارا ساتھی اور کہیں ہوا ہے
لیکن اللہ تعالیٰ کا یہ قول کہ اضل اعمالہم پس اس کے معنے ہیں باطل
کر دیئے ان کے اعمال اور اسیطرح یہ قول اکی تدبیر باطل میں
ہے اور اپنے لئے گمراہ کرتا ہے اور یہ قول اور پایا تجھکو
ضال پس ہدایت دی پس اس کے معنے سائل کے ہیں اور
ضلال بمعنے حب مفرط کے آتا ہے جیسا قول بیشک
ہمارا باپ کھلی ضلال یعنی حد سے بڑھی ہوئی محبت میں ہے اور
یہ قول بیشک تو پرانی حب مفرط میں ہے اور اسیطرح قول
کہ اسکی محبت اسکے خلاف قلب پر چھپی ہوئی ہے بیشک ہم
اسکو کھلی کھلی حب مفرط میں دیکھتے ہیں اور اصل بمعنے سہو اور نسیان
کے بھی ہے اور اسی سے یہ قول ہے اور ایک بھولے تو دوسری یاد دلادے
اور یہ قول اور میں نیز خواہوں سے بولا اپنے قوموں کو اور ضلال
رشد کی ضد ہے جیسا یہ قول ہے کہ نے راہ میں بیشک جاؤں
تو اس کا ضرر مجھ ہی پر ہوگا لیکن یہ قول بیشک مجرم لوگ گمراہی
اور آگ میں ہیں پس اس کے معنے ہیں ہلاکت کے اور یہ قول
اذ ضللنا فی الارض پس اس کے معنے ہیں کہ جب ہم زمین
میں مرجائیں گے اور یہ قول اور نہ گمراہ ہونگے پس مراد اس سے
نصاریٰ ہیں کیونکہ انہوں نے ایک محتاج انسان کو معبود
اور خدا بنا لیا ہے اور یہ انکی جہالت اور حب مفرط کی باعث ہے
اور ضلال کفر پر بھی آتا ہے جیسا یہ قول اور جو انکار کرتا ہے
اللہ سے اور اسکے فرشتوں اور کتابوں اور رسولوں اور آخری دن سے
پس وہ دور کے کفر میں پڑ گیا اور اسیطرح یہ قول بیشک جو لوگ
کافر ہوئے اور راہ پر لگنے اللہ کی راہ سے روکا انہوں نے دور کے

قَبْضَةُ الْحَشِيْشِ الْمُخْتَلِطِ رَطْبُهُ وَيَابِسُهُ وَ
يُقَالُ مَاءٌ اَضْغَانٌ لِلْمَمْزُوْجِ مِنَ الْمَاءَيْنِ الْمُخْتَلِفَيْنِ
اَيِ الشَّمِّ ثُمَّ قَالَ تَعَالٰى خُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا
وَقَوْلُهُ اَحْلَامٌ جَمْعُ ضِغْثٍ فِي الْحُلْمِ
اَحْلَامٍ مِثْلُ اَضْغَانِ الْحَشِيْشِ يُجْمَعُهَا الْاُنْثٰى
فَتَكُوْنُ ضَرْبًا وَبِالْجُمْلَةِ وَقِيْلَ اَضْغَاثُ الْاَحْلَامِ
الرُّؤْيَةُ الَّتِيْ لَا يَتَبَيَّنُ حَقَائِقُهَا **ضَغَنٌ**
اَلضَّغَنُ وَالضَّغِيْنَةُ اَلْحِقْدُ الشَّدِيْدُ وَهُوَ
مَا فِي الْقُلُوْبِ مُسْتَكِنٌّ مِنَ الْعَدَاوَةِ يُقَالُ
ضَغَنَ عَلَيْهِ ضَغْنًا وَتَضَاغَنَ الْقَوْمُ وَاضْطَغَنُوْا
اَيِ انْطَوَوْا عَلَى الْاِحْقَادِ وَمِنْهُ قَوْلُهُ تَعَالٰى
وَيُخْرِجُ اَضْغَانَكُمْ

قبضہ حشیش مختلط رطب و یابس کا۔ ... کہتے ہیں پانی کو ... پانیوں سے ... اسی سے ہے ... خذ بیدک ضغثا ... اور اس کی جمع ضغث فی الحلم ... اضغان الحشیش ... اور کہا جاتا ہے ... اس کی حقیقت ... ضغن ... سخت کینہ کو کہتے ہیں ... کہا جاتا ہے ضغن علیہ ضغنا ... اضطغنوا یعنی دلوں میں کینہ ... سے اللہ تعالیٰ کا یہ قول ہے ... کینے نکال ... گے

بَابُ الضَّادِ حَرْفُ الْفَاءِ

ضاد کا باب حرف فا کے ساتھ

ضِفْدَعٌ اَلضِّفْدَعُ كَجَعْفَرٍ حَيَوَانٌ مَعْرُوْفٌ
وَالْاُنْثٰى ضِفْدَعَةٌ وَجَمْعُهُ ضَفَادِعُ قَالَ تَعَالٰى
وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ لَمْ نَذْكُرْ بَابَ الضَّادِ
وَحَرْفَ الْكَافِ وَالْقَافِ لِيَكُوْنَ مَعْلُوْمًا

ضفدع۔ ضفدع جعفر کی طرح ... ہے (مینڈک) اور مؤنث اس کی ضفدعۃ ... ضفادع ہے ... ضفادع والدم ... باب الضاد ... کاف اور قاف کا ... کیا تاکہ معلوم ہو

بَابُ الضَّادِ حَرْفُ اللَّامِ

ضاد کا باب حرف لام کے ساتھ

ضَلَّ اَلضَّلَالُ الْعُدُوْلُ عَنِ الطَّرِيْقِ الْمُسْتَقِيْمِ
وَيُضَادُّهُ الْهِدَايَةُ قَالَ تَعَالٰى مَنِ اهْتَدٰى
فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا

ضل۔ ضلال کہتے ہیں ... راستہ سے ... کرنے کو اور یہ ہدایت کی ضد ہے ... پس وہ بھی اپنے لئے اور جو گمراہ ہوتا ہے وہ بھی اپنے

وَاضْمُمْ يَدَكَ إِلَى جَنَاحِكَ وَالْاِضْمَامُ جَمَاعَةٌ مِنَ النَّاسِ اَوْ مِنَ الْكُتُبِ اَوْ مِنَ الرِّمَاحِ اَوْ نَحْوِ ذٰلِكَ ضُمَّرٌ الضَّوَامِرُ مِنَ الْفَرَسِ الْخَفِيفُ اللَّحْمِ مِنَ الْاِعْمَالِ لَا مِنَ الْهُزَالِ قَالَ تَعَالٰى وَعَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ وَالْمُضْمَارُ الْمَوْضِعُ الَّذِي يُضْمَرُ فِيهِ وَالضَّمِيرُ مَا يَنْطَوِي عَلَيْهِ الْقَلْبُ وَجَمْعُهُ ضَمَائِرُ	ملا اپنے ہاتھ کو اپنے پہلو سے اور اضمامہ آدمیوں کی ایک جماعت ہو یا کتابوں یا گل ریحان وغیرہ سے ضمر فاعل گھوڑا وہ ہوتا ہے کہ کام کے ساتھ اس کا گوشت کم ہو اور دبلا پن سے فرمایا ہر ایک سفر گھوڑے پر اور مضمار وہ جگہ ہے کہ جس میں گھوڑوں کو مشق کرائی جاتی ہے اور ضمیر وہ چیز ہے کہ جس پر دل ہو جمع اس کی ضمائر ہے
بَابُ الضَّادِ حَرْفُ النُّونِ	**ضاد کا باب حرف نون کے ساتھ**
ضَنَنٌ قَالَ تَعَالٰى وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِينٍ اَيْ بِبَخِيلٍ ضَنْكٌ قَالَ تَعَالٰى مَعِيشَةً ضَنْكًا اَيْ عَيْشًا ضَيِّقًا ثُمَّ نَذْكُرُ بَابَ الضَّادِ وَحَرْفَ الْوَاوِ لِيَكُونَ مَعْلُومًا	ضَنَنٌ۔ فرمایا اور وہ غیب پر بخیل نہیں۔ ضنک فرمایا تنگ عیش ہم نے ضاد کا باب اور حرف واؤ کو ذکر نہیں کیا تاکہ معلوم ہو
بَابُ الضَّادِ حَرْفُ الْهَاءِ	**ضاد کا باب حرف ھ کے ساتھ**
ضَهَا الْمُضَاهَاةُ مُعَارَضَةُ الْفِعْلِ بِمِثْلِهِ يُقَالُ ضَاهَيْتُهُ إِذَا فَعَلْتَ مِثْلَهُ قَالَ تَعَالٰى يُضَاهِئُونَ قَوْلَ الَّذِينَ كَفَرُوا اَيْ يُشَابِهُونَ وَيُشَاكِلُونَ وَقِيلَ اَصْلُهُ الْهَمْزَةُ وَقَدْ قُرِئَ بِهِ وَالضَّهْيَا الْمَرْأَةُ الَّتِي لَا تَحِيضُ وَجَمْعُهُ ضُهًى	ضَهَا۔ مضاہات کہتے ہیں فعل کی مثل کے ساتھ مقابلہ کرنا کیا جاتا ہے ضاہیتہ جبکہ اس کی مثل تم کرو فرمایا مثل اتارتے ہیں کافروں کی بات کی اور کہا گیا ہے کہ اصل میں یہ ہمزہ کے ساتھ تھا اور اسی کے ساتھ پڑھا بھی گیا ہے اور ضہیا وہ عورت ہے کہ جس کو حیض نہ آتا ہے جمع اس کی ضہی
بَابُ الضَّادِ حَرْفُ الْيَاءِ	**ضاد کا باب حرف یا کے ساتھ**
ضَيْرٌ الضَّيْرُ الْمَضَرَّةُ قَالَ تَعَالٰى لَا ضَيْرَ اَيْ لَا مَضَرَّةَ ضَيْزٰى قَالَ تَعَالٰى إِذًا قِسْمَةٌ	ضَيْرٌ۔ ضیر مضرت کو کہتے ہیں فرمایا کوئی مضرت نہیں ہے ضَيْزٰى خدا تعالیٰ فرمایا اب تو یہ قسمت

وَعَلٰى ذَالِكَ اَيْضًا قَوْلُهٗ مَا اَنْتُمْ اِلَّا فِىْ ضَلٰلٍ كَبِيْرٍ
قَدْ ضَلُّوْا مِنْ قَبْلُ وَاَضَلُّوْا كَثِيْرًا وَّضَلُّوْا
عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ وَمَا قَوْلُهٗ تَعَالٰى لَا يَضِلُّ
رَبِّىْ وَلَا يَنْسٰى فَمَعْنَاهُ لَا يَغْفُلُ عَنْ رَبِّىْ وَلَا
يَضِلُّ رَبِّىْ عَنْهُ اَىْ لَا يَغْفُلُهٗ وَقَوْلُهٗ تَعَالٰى
اَنْ يُّضِلُّوْكَ وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ اَىْ
يَقْصِدُوْنَ اَنْ يَّفْعَلُوْا بِكَ مَا يَقْصِدُوْنَ بِهٖ اَنْ يُّضِلُّوْا
فَلَا يَحْصُلُ مِنْ فِعْلِهِمْ ذَالِكَ اِلَّا مَا فِيْهِ ضَلَالَةُ
اَنْفُسِهِمْ وَقَالَ عَنِ الشَّيْطَانِ وَلَاُضِلَّنَّهُمْ
وَقَالَ عَنِ الشَّيْطَانِ اَيْضًا وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ
جِبِلًّا كَثِيْرًا وَقَالَ اَنْ يُّضِلَّهُمْ ضَلٰلًا بَعِيْدًا
وَقَالَ فَيُضِلُّكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَوْلُهٗ تَعَالٰى
وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوْمًا بَعْدَ اِذْ هَدٰىهُمْ
فَمَعْنَاهُ لَمْ يُبْطِلْ اَعْمَالَهُمْ وَقَوْلُهٗ تَعَالٰى فَتَعْسًا
لَّهُمْ وَاَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ فَمَعْنَاهُ اَبْطَلَ اَعْمَالَهُمْ
وَقَوْلُهٗ وَمَا يُضِلُّ بِهٖٓ اِلَّا الْفَاسِقِيْنَ كَذَالِكَ
يُضِلُّ اللّٰهُ الْكٰفِرِيْنَ وَيُضِلُّ اللّٰهُ الظّٰلِمِيْنَ
فَمَعْنَاهٗ هٰذِهِ الْاٰيَاتُ تَقْلِيْبٌ لِّاَفْئِدَةِ وَمَنْ
عَلَيْكُمْ مَّا كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ فَمَعْنَاهُ ضَاعَ وَبَطَلَ

اور اسی پر یہ قول بھی ہے نہیں تم مگر بڑے کفر میں مبتلا
کافر ہوئے پہلے سے اور انہوں نے لوگوں کو کافر بنایا اور سیدھی راہ
سے بھٹک گئے یہ قول اللہ جل جلالہ کا ہے اور یہ
پس اس کے معنے یہ ہیں کہ میرا رب نہ غفلت میں ہوتا ہے اور نہ بھولتا ہے
رب اس سے غافل نہیں ہوتا اور یہ قول کہ تجھے گمراہ کریں
اور نہیں گمراہ کرتے مگر اپنی جانوں کو یعنی ایسے امور
کرتے ہیں کہ جن سے تجھے گمراہ کریں جو ان کے حق میں
ہوتا ہے کہ وہ انکی جانوں کی گمراہی کا باعث ہوتے ہیں اور فرمایا
شیطان سے حکایت کرتے ہوئے کہ میں ضرور ان کو
گمراہ بناؤں گا اور نیز یہ کہ ضرور اس نے تم سے بہت لوگوں
کو گمراہ کیا ہے اور یہ کہ ان کو کہ ضرور گمراہ کرے گا
پس سیدھی راہ سے تجھے پھیر دیگا اور یہ قول اللہ کا
شان سے نہیں کہ کسی قوم کو ہدایت کرنے کے بعد گمراہ کرے
پس اس کے معنے یہ ہیں کہ ان کے اعمال باطل کرے اور یہ
قول پس اللہ نے ان کے عملوں کو باطل کر دیا اور یہ قول کہ نہیں
پھیرتا اس کے ساتھ فاسقوں کو اور اسی طرح یہ کہ اللہ
بھٹکا دیتا ہے کافروں کو اور اللہ بھٹکا دیتا ہے ظالموں کو
پس ان سب آیتوں میں دل پھیرنے کے معنے ہیں
اور ضل عنکم ما کنتم تزعمون یعنی جو تم خیال کرتے تھے وہ سب کچھ ضائع

باب الضاد حرف الميم

ضاد کا باب حرف میم کے ساتھ

ضَمِيْمٌ اَلضَّمُّ الْجَمْعُ بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ فَصَاعِدًا
قَالَ تَعَالٰى وَاضْمُمْ اِلَيْكَ جَنَاحَكَ وَقَالَ

ضمیم ضم دو یا زیادہ اشیاء کے جمع کرنے کو کہتے ہیں فرمایا
اپنے ساتھ اپنے دونوں بازوؤں کو اور فرمایا

وَيَضِيقُ صَدْرِي وَقَالَ تَعَالَى وَضَائِقٌ بِهٖ صَدْرُكَ فَهُوَ مِنْ حَرَجَ اَيْضًا وَذٰلِكَ مِنْ قَوْلِهِمْ ضَاقَ صَدْرُهٗ فَهُوَ ضَيِّقٌ وَضَيْقٌ بِالتَّخْفِيْفِ مِثْلُ مَيِّتٍ وَمَيْتٍ وَهَيِّنٍ وَهَيْنٍ وَلَيِّنٍ وَلَيْنٍ وَجَائِزٌ اَنْ يَكُوْنَ مَصْدَرًا كَقَوْلِكَ ضَاقَ الشَّيْءُ يَضِيْقُ ضَيْقًا وَضَيَقًا وَالضَّيْقُ اَيْضًا بِالْفَتْحِ جَمْعُ الضَّيْقَةِ وَهِيَ الْفَقْرُ وَسُوْءُ الْحَالِ يُقَالُ ضِقْتَ بِمَا اَخْبَرْتُكَ بِهٖ اَيْ حَرِجْتَ مِنْ ذٰلِكَ وَلَمْ يَسَعْكَ مَا اَخْبَرْتُكَ بِهٖ وَتَقُوْلُ ضَاقَ عَنْكَ الشَّيْءُ اِذَا لَمْ يَجِدْ لَهٗ مَنْفَذًا وَضَاقَ ضَيْقٌ مِنْ بَابِ مَارَ وَالْاِسْمُ الضِّيْقُ بِالْكَسْرِ وَهُوَ خِلَافُ الْوُسْعِ وَمِنْهُ قَوْلُهٗ تَعَالٰى وَلَا تُضَآرُّوْهُنَّ لِتُضَيِّقُوْا عَلَيْهِنَّ وَقَالَ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ وَيُقَالُ اَيْضًا ضَاقَ الرَّجُلُ بِمَعْنٰى بَخِلَ وَاَضَاقَ ذَهَبَ مَالُهٗ وَضَاقَ بِالْاَمْرِ ذَرْعًا بِمَعْنٰى عَجَزَ عَلَيْهِ وَمِنْهُ قَوْلُهٗ تَعَالٰى وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَالْاَصْلُ فِيْهِ ضَاقَ ذَرْعُهٗ اَيْ طَاقَتُهٗ وَقُوَّتُهٗ فَاَسْنَدَ الْفِعْلَ اِلَى الشَّخْصِ وَنَصَبَ الذَّرْعَ عَلَى التَّمْيِيْزِ **ضَانٌّ** الضَّانُ مَعْرُوْفٌ قَالَ تَعَالٰى وَمِنَ الضَّاْنِ اثْنَيْنِ **ضُوْءٌ** اَصْلُهُ الْيَاءُ وَهُوَ مَا انْتَشَرَ مِنَ الْاَجْسَامِ النَّيِّرَةِ قَالَ تَعَالٰى فَلَمَّآ اَضَآءَتْ مَا حَوْلَهٗ وَقَالَ فَلَمَّآ اَضَآءَ لَهُمْ وَقَالَ يٰٓاَيُّهَا

اور میرا دل تنگ ہوتا ہے اور فرمایا اور اس کے ساتھ تیرا دل تنگ ہونیوالا اور یہ اُن کے اس قول سے ہے ضاق صدرہ (اس کا سینہ تنگ ہوا) فاعل ضیق اور ضیق ہے تخفیف کے ساتھ جیسا میت اور میت اور ہین اور ہین اور لین اور لین اور جائز ہے کہ مصدر ہو جیسا ضاق یضیق ضیقا اور ضیقا اور ضیق فتح کے ساتھ ضیقہ کی جمع بھی ہے اور یہ فقیری اور بدحالی کو کہنے میں کہا جاتا ہے میں تنگ دل ہوا اس سے جو تجھ کو خبر دی ہے اور کہا جاتا ہے ضاق عنک الشیء جبکہ اس کیلئے کوئی راہ نہ ملے اور ضاق ضیق حسار کے باب سے ہے اور اسم اور ضیق کسرہ کے ساتھ وسع (فراخی) کے خلاف ہے اور اسی سے یہ قول ہے اور نہ ضرر دو ان کو تاکہ تنگی کرو اُن پر اور فرمایا اور ان پر زمین تنگ ہو گئی اور کہا جاتا ہے ضاق الرجل یعنے مرد نے بخل کیا اور اضاق یعنے اس کا مال چلا گیا اور ضاق بالامر ذرعا یعنی امر سے دشوار گزرا اور اسی سے ہے اللہ کریم کا یہ قول اور اس سے بہت گزرا اور اصل اس کا ضاق ذرعہ تھا یعنی اسکی طاقت اور قوت پس فعل کو شخص کیطرف منسوب کر دیا اور ذرع کو نصب بدی تمیز کے طور پر۔ **ضَانٌّ** ضان مشہور ہے فرمایا اور بھیڑ میں سے دو۔ **ضُوْءٌ** اصل میں یہ یاء کے ساتھ تھا یہ وہ روشنی ہے جو کہ روشن اجسام سے پھیلتی ہے فرمایا جب اس نے اس کا اردگرد روشن کر دیا اور فرمایا پس جب وہ اس کیلئے روشنی کرتی ہے اور فرمایا ملائکہ

ضان

ضوء

ضِيْعٌ اَیْ نَاقِصَةٌ ضَيْعٌ ضَاعَ الشَّیْءُ يَضِيْعُ ضَيَاعًا وَضَيْعُوْنَةً اِذَا فَقَدْتَهُ قَالَ تَعَالٰى لَا اُضِيْعُ عَمَلَ عَامِلٍ وَقَالَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ وَقَالَ لِيُضِيْعَ اِيْمَانَكُمْ ضَيْفٌ اَلضَّيْفُ مَيْلٌ شَوْقٌ اِلٰى شَیْءٍ وَالضَّيْفُ مَنْ مَالَ اِلَيْكَ نَازِلٌ بِكَ وَصَارَتِ الضِّيَافَةُ مُتَعَارَفَةً فِى الْقِرٰى وَاَصْلُ الضَّيْفِ مَصْدَرٌ وَلِذٰلِكَ اسْتَوٰى فِيْهِ الْوَاحِدُ وَالْجَمْعُ فِىْ عَامَّةِ كَلَامِهِمْ وَقَدْ يُجْمَعُ فَيُقَالُ اَضْيَافٌ وَضُيُوْفٌ وَضَيْفَانٌ قَالَ تَعَالٰى ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ وَقَالَ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ ضَيْفِىْ وَقَالَ فَاَبَوْا اَنْ يُّضَيِّفُوْهُمَا اَیْ يُنْزِلُوْهُمَا مَنْزِلَةَ الْاَضْيَافِ يُقَالُ اَضَفْتُ الرَّجُلَ وَضَيَّفْتُهُ اِذَا اَنْزَلْتَهُ بِكَ ضَيْفًا وَفَرَسٌ مُضَيَّفٌ وَضِفْتُ الرَّجُلَ اِذَا نَزَلْتَ عَلَيْهِ ضَيْفًا وَكَذٰلِكَ تَضَيَّفْتُهُ وَاسْتَضَفْتُهُ وَاَضَفْتُهُ اَیْ اِسْتَجَارَنِىْ فَاَجَرْتُهُ وَاَضَفْتُهُ اِلَى الْكَذَا اَلْجَأْتُهُ وَاَضَافَهُ اِلَى الشَّیْءِ ضَمَّهُ اِلَيْهِ وَاَمَالَهُ وَمِنْهُ وَاَضَافَ اِلَى الْمُثَنّٰى رَكْعَتَيْنِ وَالْاِضَافَةُ فِىْ اِصْطِلَاحِ النَّحْوِيِّيْنَ فِىْ اِسْمٍ جُرَّ لِيُفْهَمَ اِلَيْهِ اِسْمٌ قَبْلَهُ كَقَوْلِكَ غُلَامُ زَيْدٍ وَنَحْوُهُ وَالْغَرَضُ بِالْاِضَافَةِ اَلتَّخْصِيْصُ وَالتَّعْرِيْفُ وَالْمُضَافُ مَصْدَرٌ بِمَعْنَى الْاِضَافَةِ وَالْكَرَامُ بِمَعْنَى الْاِكْرَامِ ضِيْقٌ اَلضِّيْقُ حَرَجُ الصَّدْرِ وَمِنْهُ قَوْلُهٗ

ناقص ہے ضِیَع ۔ ضاع الشئ یضیع ضیاعا
اور ضیعۃ جبکہ وہ کھوئی جائے فرمایا میں کسی کا
کا عمل ضائع نہیں کرتا ۔ فرمایا میں محسنوں کا اجر
ضائع نہیں کرتا اور فرمایا کہ اللہ تمہارے ایمان ضائع کرے
ضَیْف ۔ ضیف اسم ہے کا ۔ اسم کا مسمی کی طرف
ضیف وہ انسان جو کسی دوسرے کی طرف جھکے تمہاری طرف
اترتا ہوا اور مہمان میں ضیافت مشہور ہے اور ضیف
اصل میں مصدر ہے اسی لئے واحد اور جمع میں
عام کلام میں برابر ہے اور کبھی جمع بھی کر دیتے ہیں
پس کہتے ہیں اضیاف اور ضیوف اور ضیفان فرمایا
ابراہیم کے مہمان اور فرمایا یہ میرے مہمان ہیں اور فرمایا
وَيُقَالُ اَلْعَصْرَانِ اَلْغَدَاوَةُ وَالْعَشِيُّ قُلْتُ فِي حَدِيْثِ عَلِيٍّ رض ذَكَّرَهُمْ بِاَيَّامِ اللّٰهِ وَاَجْلَسَ لَهُمُ الْعَصْرَيْنِ اَيْ بُكْرَةً وَعَشِيًّا وَفِي الْحَدِيْثِ حَافِظُوْا عَلَى الْعَصْرَيْنِ يُرِيْدُ صَلٰوةَ الْفَجْرِ وَصَلٰوةَ الْعَصْرِ سُمِّيَتَا الْعَصْرَيْنِ لِاَنَّهُمَا يَقَعَانِ فِي طَرَفَيِ الْعَصْرَيْنِ وَهُمَا اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَاِنْ لَمْ يَشْبَهْ اَنَّهُ غَلَبَ اِحْدَى الْيَمِيْنَيْنِ عَلَى الْاُخْرٰى كَالْقَمَرَيْنِ لِلشَّمْسِ وَالْقَمَرِ وَلِلْعُصَيْرَةِ الْمَرْاَةُ الَّتِيْ حَاضَتْ وَدَخَلَتْ فِي عَصْرِ شَبَابِهَا اِنِّيْ فِيْ زَمَانِ شَبَابِهَا عَصَفٌ اَلْعَصْفُ وَرَقُ الزَّرْعِ ثُمَّ يَصِيْرُ اِذَا يَبِسَ وَدَبِيْسَ تِبْنًا وَقَالَ الرَّاغِبُ اَلْعَصْفُ وَالْعَصِيْفَةُ اَلَّذِيْ يُعْصَفُ مِنَ الزَّرْعِ وَيُقَالُ لِحُطَامِ الْيَبْسِ الْمُتَكَسِّرِ عَصْفٌ اھ قُلْتُ وَمِنْهُ قَوْلُهُمْ وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانِ الرَّيْحَانُ اَلرِّزْقُ الَّذِيْ هُوَ مَطْعَمُ النَّاسِ وَقِيْلَ الرَّيْحَانُ الَّذِيْ يُشَمُّ وَقَوْلُهُ تَعَالٰى كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ اَيْ كَزَرْعٍ مَّاْكُوْلٍ وَالْمَاْكُوْلُ الَّذِيْ اُخِذَ مَا فِيْهِ مِنَ الْحَبِّ فَاُكِلَ وَبَقِيَ هُوَ لَا حَبَّ فِيْهِ يَعْنِيْ جَعَلَهُمْ كَزَرْعٍ قَدْ اُكِلَ حَبُّهُ وَبَقِيَ تِبْنُهُ وَقَوْلُهُ تَعَالٰى فَالْعَاصِفَاتِ عَصْفًا هِيَ الرِّيَاحُ الشِّدَادُ مِنْ قَوْلِهِمْ عَصَفَتِ الرِّيْحُ عَصْفًا مِنْ بَابِ ضَرَبَ اِنْتَهَتْ فَهِيَ عَاصِفٌ وَعَصُوْفٌ

کہ عمران کے بیٹے صبح وشام کے ہیں میں حضرت علی کی حدیث میں کہتا ہوں یاد دلایا انہوں نے اللہ کے دن کو اور ان کے لئے صبح وشام بیٹھے اور حدیث میں ہے کہ اعصرین کی حفاظت کرو یعنی صبح اور عصر کی نماز اسکو عصرین اسلئے کہتے ہیں کہ وہ عصر کیطرف منسوب ہوتے ہیں وہ رات اور دن ہے اور اگرچہ یہ مشابہ نہیں ہے ایک اسم کو دوسرے پر غلبہ دیا گیا ہے جیسے قمرین سورج اور چاند کو کہتے ہیں اور معصرہ عورت جسکو حیض آئے اور جوانی میں داخل ہوئی

عَصْفٌ۔ عصف کھیتی کے پتے جب کھیتی خشک ہو اور دانہ جائے تو اس کو تبن کہتے ہیں کہنے ہیں جو کھیتی سے خشک ہو کر گرتا ہے اور خشک بوٹی ٹوٹی ہوئی کو بھی کہتے ہیں انتہا اور میں کہتا ہوں کہ خدا کا یہ قول بھی اسی سے ہے اور دانے کھیوا اور رزق ریحان اس رزق کو کہتے ہیں جو لوگ کھاتے ہیں اور خوشبودار چیز کو بھی کہتے ہیں اور قولہ تعالیٰ عصف ماکول کیطرح ماکول اسکو کہتے ہیں جو چیز کہ دانہ دار ہو پھر اس کے دانہ کھائے جائیں اور اسکو چھوڑ جائے یعنی انہیں بھی کھیتی کیطرح بنایا جسکے دانے کھا لئے گئے اور وہ باقی رہا اور خدا تعالیٰ کا قول عاصفات عصف یعنی سخت چلائیں ہیں ایک قول سے کہا گیا ہے کہ ہوا ضرب کے باب سے پھر اس ہوا کو عاصف وعصوف

تُثِيرُ سَحَابًا ذَاتَ رَعْدٍ وَبَرْقٍ وَالْإِعْصَارُ
الرِّيَاحُ الَّتِي تَهُبُّ مِنَ الْأَرْضِ وَتُثِيرُ الْغُبَارَ
وَتَرْتَفِعُ كَالْعَمُودِ إِلَى نَحْوِ السَّمَاءِ وَهِيَ الَّتِي
يُسَمِّيهَا النَّاسُ الزَّوْبَعَةَ وَهِيَ رِيحٌ شَدِيدَةٌ
وَلَا يُقَالُ لَهَا إِعْصَارٌ حَتَّى تَهُبَّ كَذَلِكَ بِشِدَّةٍ
قَالَهُ الزَّجَّاجُ اھ وَقَالَ أَبُو زَيْدٍ الْإِعْصَارُ
الرِّيحُ الَّتِي تَسْطَعُ فِي السَّمَاءِ اھ قُلْتُ كَأَنَّ
فِيهِ نَارًا قَالَ تَعَالَى فَأَصَابَهَا إِعْصَارٌ فِيهِ
نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ وَقَوْلُهُ تَعَالَى وَأَنْزَلْنَا مِنَ
الْمُعْصِرَاتِ مَاءً ثَجَّاجًا أَيِ السَّحَائِبُ الَّتِي
حَانَ لَهَا أَنْ تُمْطِرَ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ
الرِّيَاحُ فَيَكُونُ مِنْ بِمَعْنَى الْبَاءِ أَيْ أَنْزَلْنَا
بِالْمُعْصِرَاتِ وَقِيلَ الْمُعْصِرَاتُ الْغُيُومُ نَفْسُهَا
وَالْعَصْرُ الدَّهْرُ وَهُوَ كُلُّ مُدَّةٍ مُمْتَدَّةٍ يَنْتَهِي
عَلَى أَمْرٍ مُنْقَرِضٍ بِانْقِرَاضِهِمْ وَأَصْلُ الْعَصْرِ
عَصْرُ الثَّوْبِ وَنَحْوِهِ وَهُوَ مَثَلٌ لِاخْرَاجِ
مَا فِيهِ قُلْتُ وَالْعَصْرِ الزَّمَانِ قَالَ تَعَالَى وَالْعَصْرِ
إِنَّ الْإِنْسَانَ لَفِي خُسْرٍ وَفِيهِ إِشَارَةٌ إِلَى
زَمَانِ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
فَلِذَلِكَ أَقْسَمَ اللّٰهُ بِهِ ..... وَالْعَصْرُ
الْعَشِيُّ وَالْعَصْرَانِ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَالْعَصْرُ
الْعَشِيُّ إِلَى احْمِرَارِ الشَّمْسِ وَالْعَصْرُ الْغَدَاةُ
وَيُسْتَعْمَلُ غَالِبًا فِيمَا جَاءَ مُثَنًّى قَالَ ابْنُ السِّكِّيتِ

جو کہ گرجنے چمکنے بادل کو چلائے اور اعصار اس ہوا کو کہتے
ہیں جو زمین سے اٹھتی ہے گرد اڑاتی ہوئی ستون
کیطرح آسمان کو جاتی ہے یہ وہ ہے جسکو لوگ بگولا کہتے ہیں
یہ سخت ہوا ہوتی ہے اور اعصار اس کو تب ہی کہتے ہیں جب
یہ ایسی شدت کے ساتھ اٹھے زجاج کہتا ہے اھ
ابوزید کہتا ہے کہ اعصار اس ہوا کو کہتے جو کہ آسمان میں ایسی
چمکتی ہے جسکو میں آگ سے تشبیہ دیتا ہوں خدا کے قول
میں ہے کہ پہونچا اس کو اعصار جسمیں کہ آگ تھی وہ جلگئی
اور خدا تعالی کا یہ قول کہ ہم اتارتے ہیں معصرات سے موسلا دھار
پانی یعنی وہ بادل جس کے برسنے کا وقت آیا ہے اور ابن عباس
سے ہے کہ معصرات ہوائیں ہیں کیونکہ من کا لفظ ذریعہ معنے
دیتا ہے یعنی اتارا ہے ہم نے ہواؤں کے ذریعہ سے بعض
کہتے ہیں کہ معصرات بادلوں کو ہی کہتے ہیں اور عصر زمانہ کو
کہتے ہیں وہ بڑی لمبی مدت ہے جو کہ بہت سے گروہوں کے
ساتھ ختم ہوتی ہے اور عصر کا اصل کپڑے کے نچوڑنے کو کہتے
ہیں اس کے پانی نکالنے کیلئے میں کہتا ہوں کہ عصر کے معنی
زمانہ کے ہیں اللہ تعالی کا قول زمانہ کی قسم کہ انسان گھاٹے
میں ہے اسمیں نبی کریم کے زمانہ کیطرف اشارہ ہے اسلئے
اسکی قسم کھائی ہے اور عصر پچھلے پہر کو بھی کہتے ہیں
عصران روز و شب کو کہتے ہیں اور عصر سورج
کے زرد ہونے تک کو کہتے ہیں
اور عصر کے معنے پچھلے پہر کو بھی کہتے ہیں اکثر تثنیہ میں
استعمال ہوتا ہے اور کہا ابن سکیت نے

ضَرَبَ حَفِظَهُ وَوَقَاهُ وَقَالَ فِي التَّاجِ وَ
عِصْمَةُ اللّٰهِ عَبْدَهُ اَنْ يَّعْصِمَهُ مِمَّا يُوْبِقُهُ
فَعْصَمَهُ يَعْصِمُهُ عَصْمًا مَنَعَهُ وَوَقَاهُ وَقَوْلُهُ تَعَالٰى
يَعْصِمُنِيْ مِنَ الْمَآءِ اَيْ يَمْنَعُنِيْ مِنْ تَغْرِيْقِ الْمَآءِ
وَلَا عَاصِمَ الْيَوْمَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اَيْ لَا مَانِعَ
وَقِيْلَ هُوَ عَلَى النَّسْبَةِ اَيْ ذَا عِصْمَةٍ وَقِيْلَ
مَعْنَاهُ لَا مَعْصُوْمَ اِلَّا الْمَرْحُوْمَ اِهْ قُلْتُ قَالَ
بَعْضُ الْمُفَسِّرِيْنَ فِي الْاٰيَةِ اَرْبَعَةُ اَوْجُهٍ
اَلْاَوَّلُ اَنْ يَّكُوْنَ الْعَاصِمُ بِمَعْنَى الْفَاعِلِ وَ
يَكُوْنُ ضَمِيْرُ رَحِمَ عَائِدًا اِلَى اللّٰهِ اَيْ اِلَّا مَنْ
رَحِمَهُ اللّٰهُ بِمَعْنَى الْمَرْحُوْمِ فَيَكُوْنُ الْاِسْتِثْنَاءُ
مُنْقَطِعًا اِنَّ الْمَرْحُوْمَ مَعْصُوْمٌ لَا عَاصِمَ الثَّانِيْ
اَنْ يَّكُوْنَ الْعَاصِمُ بِمَعْنَى الْمَعْصُوْمِ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى
فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ اَيْ مَرْضِيَّةٍ وَيَكُوْنُ ضَمِيْرُ
رَحِمَ عَائِدًا اِلَى مَنْ اَيْ لَا مَعْصُوْمَ اِلَّا مَنْ رَحِمَ
الْخَلْقَ بِمَعْنَى الرَّاحِمِ فَيَكُوْنُ الْاِسْتِثْنَاءُ اَيْضًا
مُنْقَطِعًا الثَّالِثُ اَنْ يَّكُوْنَ الْعَاصِمُ بِمَعْنَى الْفَاعِلِ
وَيَكُوْنُ فِيْ رَحِمَ ضَمِيْرٌ رَاجِعٌ اِلَى الْعَاصِمِ
الرَّابِعُ اَنْ يَّكُوْنَ بِمَعْنَى الْمَفْعُوْلِ وَيَكُوْنُ
فِيْهِ ضَمِيْرُ اللّٰهِ وَالْاِسْتِثْنَاءُ فِيْ هٰذَيْنِ مُتَّصِلٌ
اَلْعَاصِمُ الْمَانِعُ الْحَامِيْ قَالَ تَعَالٰى مَا لَهُمْ مِنَ اللّٰهِ
مِنْ عَاصِمٍ اَيْ مِنْ مَانِعٍ وَحَامٍ وَفِيْ شِعْرِ
اَبِيْ طَالِبٍ يَمْدَحُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور اللہ تعالیٰ کا قول کہ اللہ تیری عصمت کریگا لوگوں سے یعنی
محفوظ کریگا تجھے پھر وہ تجھ پر غلبہ نہ پاسکیں گے اللہ تعالیٰ کی وہ عصمت
جو کہ مکروہ باتوں سے ہوتی ہے اسکا فعل ضرب کے وزن پر آتا ہے
یعنی حفاظت کرنا اور بچالینا اور تاج میں ہے، اللہ تعالیٰ کی عصمت
بندے پر یوں ہے کہ بچالے اسے ان چیزوں سے جو انکو ہلاک کریں
عصم یعصم کے معنے ہیں اسکی حفاظت کرنی بچالینا اور نوح کا قول
عصمت ہوگی میری پانی سے یعنی بچالیگی مجھے پانی سے غرق ہونے سے
اور نہیں عصمت دینے والا اللہ کے امر سے یعنی حفاظت کرنیوالا
کہا گیا ہے کہ یہ نسبت کے معنے رکھتا ہے یعنی کوئی عصمت والا نہیں
اور کہا گیا ہے کہ اسکے معنے معصوم کے ہیں یعنی نہیں معصوم مگر جو
رحم کیا گیا ہے میں کہتا ہوں کہ مفسرین نے اس آیت میں چار وجہ لکھی ہیں
پہلا یہ کہ عاصم بمعنے فاعل ہو اور رحم کا فاعل اللہ سمجھا جائے یعنی وہ
بچیگا جسپر اللہ کا رحم ہوا پس ہوگا بمعنے مرحوم کے اور استثنا منقطع
ہوگا کیونکہ مرحوم جو ہوتا ہے وہ معصوم ہی ہوتا ہے اور دوسرا یہ
عاصم کے معنے معصوم کے ہوں جیسے اللہ قول وہاں گذارہ راضیہ
پسندکیا ہوا اور رحم کا فاعل من ہوگا یعنی نہیں
بچا یا جائیگا مگر وہ جو مخلوق پر رحم کرتا ہے یعنی راحم بنتا ہے
پھر استثنا منقطع ہی ہے اور تیسرا یوں ہے کہ عاصم بمعنے فاعل ہو اور
رحم کا فاعل بھی یہی ہو چوتھی یوں ہے کہ ہو بمعنے مفعول اور
اللہ کی ضمیر ہو اور استثنا ان دونوں میں متصل ہو اور عاصم
کے معنے حفاظت کرنیوالا اور حمایت کرنیوالا اللہ کا قول
ہے ان کیلئے کوئی عاصم یعنی بچانیوالا اور حمایت
کرنیوالا اور ابی طالب کے قول میں جسمیں نبی کریم کی تعریف کرتا ہے

وَعَاصِفَةٌ وَمُعْصِفَةٌ تَكْسِيرُ الشَّيْءِ وَجَمْعُ الْأُولَى
عَوَاصِفُ وَالثَّانِيَةُ عَاصِفَاتٌ وَيُقَالُ أَيْضًا
عَصَفَتِ الرِّيحُ فَهِيَ مُعْصِفَةٌ وَلَا يُقَالُ رِيحٌ
عَاصِفٌ حَتَّى تَشْتَدَّ وَقَدْ يُسْنَدُ الْفِعْلُ إِلَى
الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ لِوُقُوعِهِ فِيهِ مِنْ قَوْلِهِمْ يَوْمٌ
عَاصِفٌ وَهُوَ فَاعِلٌ بِمَعْنَى مَفْعُولٍ فِيهِ مِثْلُ
قَوْلِهِمْ لَيْلٌ نَائِمٌ وَهَمٌّ نَاصِبٌ كَمَا يُقَالُ يَوْمٌ
بَارِدٌ قَوْلُهُ تَعَالَى فِي يَوْمٍ عَاصِفٍ وَمَعْنَاهُ هُبُوبُ
أَوْ شِدَّةُ الْأَهْوِيَةِ قَالَ تَعَالَى وَلِسُلَيْمَانَ
الرِّيحَ عَاصِفَةً أَيْ شَدِيدَةً وَعَصَفَ الرَّجُلُ
هَلَكَ وَعَصَفَتْهُ الرِّيَاحُ أَهْلَكَتْهُ عَصَمَ
الْعِصْمَةُ بِكَسْرِ الْعَيْنِ الْمَنْعُ وَهَذَا أَصْلُ مَعْنَاهَا
وَيُقَالُ أَصْلُ الْعِصْمَةِ الرَّابِطُ ثُمَّ صَارَتْ بِمَعْنَى
الْمَنْعِ وَقَالَ الزَّجَّاجُ أَصْلُ الْعِصْمَةِ السَّبَبُ وَ
الْحَبْلُ وَقَالَ الْمُنَاوِيُّ الْعِصْمَةُ مَلَكَةُ اجْتِنَابِ
الْمَعَاصِي مَعَ التَّمَكُّنِ مِنْهَا وَقَالَ الرَّاغِبُ عِصْمَةُ اللَّهِ
الْأَنْبِيَاءَ حِفْظُهُ إِيَّاهُمْ وَلَا يَمَسُّهُمْ بِهِ مِنْ
صَفَاءِ الْجَوَاهِرِ ثُمَّ بِمَا أَوْلَاهُمْ مِنَ الْفَضَائِلِ
الْجِسْمِيَّةِ وَالنَّفْسِيَّةِ ثُمَّ بِالنُّصْرَةِ وَتَثْبِيتِ
أَقْدَامِهِمْ ثُمَّ بِإِنْزَالِ السَّكِينَةِ عَلَيْهِمْ وَ
بِالتَّوْفِيقِ اهـ وَقَوْلُهُ تَعَالَى وَاللَّهُ يَعْصِمُكَ
مِنَ النَّاسِ أَيْ يَمْنَعُكَ مِنْهُمْ فَلَا يَقْدِرُونَ
عَلَيْكَ وَعِصْمَةُ اللَّهِ مِنَ الْمَكْرُوهِ مِنْ بَابِ

وعاصفۃ اور معصفۃ بھی کیونکہ وہ اشیاء کو توڑتی ہے
پہلی جمع عواصف اور دوسری بھی عاصفات اور کہا جاتا
ہے عصفت الریح پس اسکی توڑتی ہے لیکن عاصف اسوقت کہتے ہیں
جب تیز ہو اور کبھی دن کو اور رات کو بھی کہتے ہیں
کیونکہ ہوا کسی شدت اندہی میں ہوتی ہے ان کے
قول سے کہ اندہی والا دن اور وہ ہے فاعل فی الاصل
مفعول فیہ ہے جیسا کہ وہ کہتے ہیں سونیوالی رات
اور تھکا دینے والا غم جیسا کہ سردن خدا تعالیٰ نے فرمایا کہ
اندہی والا دن عاصف کے معنے تنگ کرنے کے ہے یا سخت
ہوا دن کے ہیں اور خدا کے قول میں فرمانبرداری کی
سلیمان کیلئے سخت ہوا اور عصف الرجل کے معنے ہلاک ہوگیا
آدمی اور ہلاک کیا اسکو ہوا نے عصم عصمت عین کی
ساتھ روکنا بچانا یہی اسکے اصل معنے ہیں اور یوں بھی کہا
ہے کہ اصل معنے باندھنے کے ہیں اور پھر حفاظت کے معنے میں آگیا اور
زجاج کہتا ہے عصمت کے معنے اسی کے ہیں اور جو چیز روکے
اسکو لغت میں عصمہ اور کہا جاتا ہے اور کہا محمد بن نشوان
ضیاء العلوم میں کہتا ہے اصل عصمت کو معنے سبب اور رسی کے
سنا وہی کہتا ہے عصمت وہ طاقت ہے جسکے ذریعہ گناہوں سے بچا
ہے جبکہ کہ انسان گناہ کرسکتا ہے اور راغب کہتا ہے کہ اللہ
کی عصمت جو انبیاء پر ہوتی ہے اسکے معنے حفاظت کے ہوتے ہیں ایک
کہ خدا تعالیٰ نے انکو فضائل سے مخصوص کیا ہے یعنی جو ہر کہ
میں داخل ہوکر ہیں بہت فضائل ہیں دوسرا اسلئے کہ خدا تعالیٰ نے
ساتھ حسی اور نفسی فضائل رکھے ہیں پھر انکی مدد کرنا

صَاحِبِ الْجَمَلِ وَكُلُّ مَا أَمْسَكَ شَيْئًا فَقَدْ عَصَمَهُ وَقَالَ مُحَمَّدُ ابْنُ نَشْوَانَ الْحِمْيَرِيُّ فِي ضِيَاءِ الْعُلُومِ أَمَّا

لِلْعُوْدِ مَوْضِعُ السِّوَارِ مِنَ السَّاعِدِ وَالْجَمْعُ
مَعَاصِمُ وَالْحِصَامُ رِبَاطُ الْقِرْبَةِ وَسَيْرُهَا
الَّذِيْ يُحْمَلُ بِهٖ وَالْجَمْعُ عُصُمٌ كَكِتَابٍ وَكُتُبٍ
عَصَا الْعَصَا الْعُوْدُ وَاَصْلُ عَصَا عَصُوٌ
قُلِبَتْ وَحُذِفَتْ لِاِلْتِقَاءِ السَّاكِنَيْنِ بَيْنَ
الْاَلِفِ وَالتَّنْوِيْنِ لِاَنَّ الْعَيْنَ الْمُنْقَلِبَةَ عَنِ
الْوَاوِ تُقْلَبُ اَلِفًا فَرْقًا بَيْنَهُمَا وَبَيْنَ الْمُنْقَلِبَةِ
عَنِ الْيَاءِ وَقَالَ الرَّاغِبُ اَلْعَصَا اَصْلُهٗ مِنَ
الْوَاوِ لِقَوْلِهِمْ فِيْ تَثْنِيَتِهٖ عَصَوَانِ اھ قِيْلَ
سُمِّيَتْ بِهَا لِاَنَّ الْاَصَابِعَ تَجْتَمِعُ عَلَيْهَا
مِنْ قَوْلِهِمْ عَصَوْتُ الْقَوْمَ اَعْصُوْهُمْ اِذَا
جَمَعْتَهُمْ قَالَ تَعَالٰى وَاَنْ اَلْقِ عَصَاكَ وَقَالَ فَاَلْقٰى
عَصَاهُ وَقَالَ هِيَ عَصَايَ وَيُقَالُ فِيْ جَمْعِهَا عِصِيٌّ
بِكَسْرِ الْعَيْنِ قَالَ الْجَوْهَرِيُّ وَهُوَ فَعُوْلٌ وَاَمَّا
كُسِرَتِ الْعَيْنُ اِتْبَاعًا لِمَا بَعْدَهَا مِنَ الْكَسْرَةِ
اھ قَالَ تَعَالٰى فَاَلْقَوْا حِبَالَهُمْ وَعِصِيَّهُمْ
وَالْعِصْيَانُ خِلَافُ الطَّاعَةِ قَالَ تَعَالٰى وَمَنْ
يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَقَالَ اٰلْاٰنَ وَقَدْ عَصَيْتَ
قَبْلُ وَاسْتَعْصٰى عَلٰى اَمْرِهٖ اِمْتَنَعَ عَلَيْهِ وَلَمْ
يُطِعْهُ وَفُلَانٌ يَعْصِي الرِّيْحَ اِذَا اسْتَقْبَلَ
مَهَبَّهَا وَلَمْ يَتَعَرَّضْ لَهَا وَالْعَاصِي اِسْمُ الْفَصِيْلِ
اِذَا عَاصَى اُمَّهٗ فَلَمْ يَتْبَعْهَا وَاعْتَصَتِ النَّوَاةُ
اِشْتَدَّتْ نَقْلَهُ الْجَوْهَرِيُّ وَقَوْلُهٗ تَعَالٰى

صاد کی زبر کے ساتھ کلائی کو کہتے ہیں اور اسکی جمع
معاصم ہے اور عصام اس بدری کو کہتے ہیں جس کے
مشک کا منہ باندھا جاتا ہے اور سیر اس بدر کو کہتے ہیں جسکے
ساتھ مشک کو اٹھایا جاتا ہے اور اسکی جمع عصم اور عصام ہے
جیسا کتاب اور کتب ہو عصا عصا کے معنے لکڑی کے ہیں اور
عصا کا اصل عصو ہے واؤ الف سے بدل الف اور تنوین
ساکن ہوئے اجتماع ساکنین سے الف گر گیا کیونکہ جو عین
واؤ سے بدلا ہوا ہو وہ الف سے بدل جاتا ہے تاکہ فرق
ہو جائے درمیان اس کے اور اس کے جو یاء سے بدلا ہے
راغب کہتا ہے کہ عصا کا اصل واؤ ہے کیونکہ وہ تثنیہ میں عصوان
کہتے ہیں اور کہا گیا ہے کہ اس کا عصا نام اسلئے رکھا گیا ہے کہ
اسپر انگلیاں جمع ہوتی ہیں۔ یہ عصا عصو سے بنا ہے جس کے
معنے جمع کرنے کے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے کہا کہ رکھدے اپنا عصا
اور کہا کہ اس نے رکھا اپنے عصا کو اور کہا کہ یہ میرا عصا ہے
اور اسکی جمع عصاین کے زیر کے ساتھ آتی ہے جو ہری کہتا ہے
اصل میں فعول ہے اور کسرہ زیر کی اتباع کیوجہ سے آیا ہے الخ
خدا کے قول میں کہ رکھا انہوں نے اپنی لاٹھیوں اور رسیوں کو اور عصیان
نافرمانی ہے خدا تعالیٰ کہتا ہے کہ جو نافرمانی کرتا ہے اللہ اور
اس کے رسول کی اور کہا کہ اب حالانکہ بے فرمان ہوا تو پہلے سے
استعصا کے معنے ہیں اسپر انکار کرنا اور طاعت نہ کرنی اور فلاں
ہوا کا عصیان کرتا ہے یعنی جب اسکی لہر آتی اس کے سامنے نہیں
ہوتا عاصی اونٹنی کے نام ہے جب وہ علیحدہ ہوتا ہو اپنی ماں سے اور اس کے
پیچھے نہیں جاتا اور عصت گٹھلیاں سخت ہو گئیں نقل کیا اسکو جوہری نے اور

تَمَالُ الْيَتَامٰى عِصْمَةٌ لِلْاَرَامِلِ + اَیْ یَمْنَعُهُمْ مِنَ الضَّیَاعِ وَالْحَاجَةِ وَقَوْلُهٗ تَعَالٰی وَلَا تُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ جَمْعُ عِصْمَةٍ قَالَ ابْنُ عَرَفَةَ اَیْ بِعَقْدِ نِكَاحِهِنَّ یُقَالُ بِیَدِهٖ عِصْمَةُ النِّكَاحِ اَیْ عَقْدَتُهٗ قَالَ عَرَفَةُ ابْنُ الْوَرْدِ

اِذَا الْمَلَكُ الْعِصْمَةَ اُمَّ وَهْبٍ
عَلٰی مَا كَانَ مِنْ حَسَنِ الصَّدُوْرِ

فَاعْتَصَمَ بِاللّٰهِ اَیِ امْتَنَعَ بِلُطْفِهٖ مِنَ الْمَعْصِیَةِ وَقَالَ الرَّاغِبُ الْاِعْتِصَامُ الْاِمْسَاكُ بِالشَّیْءِ وَمِنْهُ قَوْلُهٗ تَعَالٰی وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِیْعًا اَیْ تَمَسَّكُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ وَمَنْ یَّعْتَصِمْ بِاللّٰهِ فَقَدْ هُدِیَ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ اَیْ مَنْ یَّتَمَسَّكْ بِحَبْلِهٖ وَعَهْدِهٖ (تاج)

قُلْتُ حَبْلُ اللّٰهِ وَعَهْدُهُ الْقُرْاٰنُ الْكَرِیْمُ وَاسْتَعْصَمَ اِمْتَسَكَ كَاَنَّهٗ طَلَبَ مَا یَعْتَصِمُ بِهٖ مِنَ الْكُرُوْبِ الْفَاحِشَةِ قَالَ تَعَالٰی فَاسْتَعْصَمَ اَیْ تَحَرّٰی مَا یَعْصِمُهٗ وَالْمَعْصُوْمُ الْمُمْتَنِعُ مِنْ جَمِیْعِ مَحَارِمِ اللّٰهِ وَالْمَعْصُوْمُ الْمُعْتَصِمُ بِحَبْلِ اللّٰهِ وَحَبْلُ اللّٰهِ هُوَ الْقُرْاٰنُ وَالْكِتَابُ اَلْاَعْصَمُ الَّذِیْ فِیْ جَنَاحِهٖ رِیْشَةٌ بَیْضَاءُ وَالْاَعْصَمُ مِنَ الظِّبَاءِ وَالْوُعُوْلِ الَّذِیْ فِیْ اَحَدِ یَدَیْهِ اَوْ رِجْلَیْهِ اَوْ اِحْدٰی یَدَیْهِ بَیَاضٌ وَالْعِصْمُ

کہ وہ یتیموں کا ماوا ہے اور رانڈوں کی وہ عصمت ہے یعنی بچاتا ہے انہیں حاجتوں اور ضائع ہونے سے اور خدا کا قول اور نہ روکو عصم الکوافر کو عصم عصمۃ کی جمع ہے ابن عرفہ کہتا ہے کہ نکاح کی گرہ میں کہا جاتا ہے کہ فلان کے ہاتھ میں نکاح کی عصمت ہے یعنی اسکی گرہ ابن وردی کہتا ہے تب میں مالک ہو جاتا اُم وہب کے نکاح کی گرہ کا باوجود اسکے کہ سینہ میں رنجش ہے اللہ کے ساتھ اعتصام کے معنے ہیں اللہ کی مہربانیوں میں اپنے آپ کو گناہوں سے محفوظ کرنا راغب کہتا ہے کہ اعتصام کے معنے ہیں کسی چیز کے ساتھ چمٹ مارنا اور اسی سے قول اللہ کا اعتصموا بحبل اللہ جمیعا یعنی اللہ کے عہد کو سب مضبوط پکڑو اور من یعتصم باللہ فقد ہدے الی صراط مستقیم یعنی جو پکڑ رکھیگا اللہ کے عہد کو اللہ مضبوط رہے گا اللہ کے ساتھ اسکو ہدایت دیجائیگی سیدھی راہ کیطرف (تاج) میں کہتا ہوں کہ حبل اللہ اور اسکا عہد قرآن کریم ہے اور استعصم کے معنے روک رکھنے کے گویا کہ اسنے طلب کیا وہ جس کے ساتھ وہ روکے جائے اللہ سے اور اللہ کا قول فاستعصم یعنی تلاش کیا وہ جو اسے بچائے معتصم جو محفوظ ہو اللہ کی تمام حرام کردہ چیزوں سے معصوم وہ جس نے چمٹ مارا قرآن کے ساتھ اور اللہ کو اسکو کہتے ہیں جسکے پروں میں سفید پر ہوں اور اعصم ہرنوں اور بز سے کوہی سے وہ ہے جس کے آگے کے پاؤں سے ایک سفید ہو اور معصم

أَنْ يَفْعَلُوهُ عِنْدَ ذٰلِكَ وَالْعُضُوضُ مِنْ بِنْيَةِ
الْمُبَالَغَةِ وَفِيهِ ثُمَّ يَكُونُ مُلْكٌ عُضُوضٌ أَيْ
أَنْ يُصِيبَ الرَّعِيَّةَ عَسْفٌ وَظُلْمٌ كَأَنَّهُمْ
يَعَضُّونَ فِيهِ عَضًّا وَفِي رِوَايَةٍ ثُمَّ يَكُونُ
مُلُوكٌ عُضُوضٌ وَهُوَ جَمْعُ عِضٍّ بِالْكَسْرِ
وَهُوَ الْخَبِيثُ الشَّرِسُ وَزَمَنٌ عُضُوضٌ فِيهِ
جَدْبٌ وَالتَّعْضُوضُ ضَرْبٌ مِنَ التَّمْرِ
يَصْعُبُ مَضْغُهُ عَضَدٌ الْعَضَدُ مَا بَيْنَ
الْمِرْفَقِ إِلَى الْكَتِفِ يُقَالُ عَضَدْتُهُ أَخَذْتُ
عَضُدَهُ وَقَوَّيْتُهُ وَيُقَالُ عَضَدْتُهُ أَعْضُدُهُ
أَعَنْتُهُ وَاعْتَضَدْتُ بِفُلَانٍ اِسْتَعَنْتُ بِهِ
قَالَ تَعَالَى وَمَا كُنْتُ مُتَّخِذَ الْمُضِلِّينَ عَضُدًا
أَيْ أَعْوَانًا وَقَوْلُهُ تَعَالَى سَنَشُدُّ عَضُدَكَ
بِأَخِيكَ أَيْ سَنُقَوِّيكَ بِهِ وَنُؤَيِّدُكَ بِأَنْ
نَقْرُنَهُ إِلَيْكَ بِالنُّبُوَّةِ لِأَنَّ الْعُضُدَ قِوَامُ
الْيَدِ وَفِيهِ خَمْسُ لُغَاتٍ وَزْنُ رَجُلٍ وَبِضَمَّتَيْنِ
فِي لُغَةِ الْحِجَازِ وَبِهِمَا قُرِئَ الْحَسَنُ وَمِثَالُ كَبِدٍ
وَمِثَالُ قُفْلٍ وَالْجَمْعُ أَعْضَادٌ كَقُفْلٍ وَأَعْضُدٍ
كَكَلْبٍ وَفِي الْحَدِيثِ مَكَّةُ لَا يُعْضَدُ شَجَرُهَا
أَيْ لَا يُقْطَعُ شَجَرُهَا مِنَ الْعَضْدِ بِإِسْكَانِ
الضَّادِ أَيِ الْقَطْعُ وَمِنْهُ لَا يُعْضَدُ شَوْكُهُ
يُقَالُ عَضَدْتُ الشَّجَرَةَ عَضْدًا مِنْ بَابِ
ضَرَبَ قَطَعْتُهَا وَالْعَضْدُ بِالتَّحْرِيكِ الْمَعْضُودُ

کہ افسوس کے وقت کرتے ہیں اور عضوض مبالغہ کا صیغہ
ہے اور عضوض بادشاہ کو کہتے ہیں جو اپنی رعیت پر
ظلم اور مصیبت ڈالے گویا کہ وہ اسمیں کاٹے جاتے ہیں
اور ایک حدیث میں ہے کہ ہونگے بادشاہ عضوض
اور وہ جمع ہے عض کی عین کے کسرہ کے ساتھ
وہ خبیث بخیل ہے اور زمانہ عضوض وہ ہے جسمیں
قحط ہو اور تعضوض ایک قسم کھجور کا ہے جس کا چبانا
مشکل ہو۔ عضد۔ عضد جو کاندے اور کہنی کے
درمیان ہے کہا جاتا ہے عضدتہ پکڑا میں نے اسکو
دہلے کو اور مدد کرنیکے بھی ہیں اور فلانے سے
میں نے اعتضاد کیا یعنی مدد مانگی اللہ کا قول
کہ نہیں ہوں میں بنانے والا گمراہ کرنے والوں کو
عضد یعنی مددگار خدا کا قول کہ مضبوط کریں گے تیرے
بازوؤں کو تیرے بھائی کیساتھ یعنی مضبوط کریں گے
تجھے اور تائید دیں گے اس کے ساتھ اور نبوت میں
تیرا شریک کریں گے کیونکہ بازو ہی ہے جو کہ ہاتھ کو سہارے
ہوئے ہے اور اسمیں پانچ لغتیں ہیں ضاد پر پیش اور عین
اور ضاد دونوں پر پیش حجاز کی لغت میں اور اسکے ساتھ حسن نے
پڑھا ہے اور ضاد کی کسرہ کے ساتھ بھی اور ضاد کی سکون کے
ساتھ بھی اور اسکی جمع اعضاد ہے اقفال کیطرح اور اعضد بھی
اور ایک حدیث میں ہے کہ مکہ کا درخت نہ کاٹا جاوے یعضد سے
ضاد کی سکون کیساتھ اور اس کے معنے قطع اور اسی سے
کیا جاوے کاٹنے کو اور کہا جاتا ہے عضدت الشجرت باب ضرب

وَعَصٰى آدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰى فَفِيْهِ تَفْصِيْلٌ اَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَالَ لِاٰدَمَ وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ اَىْ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ لِاَنْفُسِهِمْ اَلَا تَرٰى اِلَى النَّهْىِ هَاهُنَا فِى الدُّنْيَا كَيْفَ يَشْقَوْنَ عَلٰى اَنْفُسِهِمْ بِالْاَعْمَالِ الشَّاقَّةِ لِاَجْلِ اَنْ يَتَقَرَّبُوْا اِلَى اللّٰهِ بِهَا وَعَلٰى ذٰلِكَ قَوْلُهٗ تَعَالٰى ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ اَىْ بِالْاَعْمَالِ الشَّاقَّةِ الْمُقَرِّبَةِ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى فَاٰدَمُ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ ظَلَمَ نَفْسَهٗ بِاَكْلِهٖ مِنَ الشَّجَرَةِ فَحُرِمَ مِنَ الثَّوَابِ الَّذِىْ كَانَ يَسْتَحِقُّهٗ عَلٰى فِعْلِ الْمَاْمُوْرِ بِهٖ لِاَنَّهٗ لَوْ فَعَلَ كَمَا اُمِرَ بِهٖ لَاَحْصَلَتِ الدَّرَجَةُ الْاُوْلٰى الَّتِىْ حَازَهَا بِالظُّلْمِ لِنَفْسِهٖ وَيُقَالُ فِىْ مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ فُلَانٌ شَقَّ الْعَصَا۔

کہ عصیان کیا آدم اپنے رب کا اس میں تفصیل ہے کہ خدا نے کہا کہ اے آدم نہ قریب ہو اس درخت کے ورنہ ہو جائیگا اپنی جان پر ظلم کرنیوالوں سے کہا نہیں دیکھتا ان لوگوں کیطرف کسطرح تکلیف برداشت کرتے ہیں تاکہ ان کے ذریعہ اللہ کا قرب حاصل کریں اور اسی پر ہے اللہ کا قول پھر وارث کیا ہم نے کتاب کا اپنے ان بندوں کو جنکو ہم نے پسند کیا انمیں سے بعض ظلم کرتے تھے اپنی جانپر بسبب کھانے اس شجرہ کے پس محروم کیا گیا اس سے جس کا کہ وہ مستحق ہو سکتا تھا اس علم کے بجالانے کے ساتھ کیونکہ اگر وہ حکم کو بجالاتا اس کو وہ درجہ حاصل نہ ہوتا جس بلند درجہ کو اس نے اپنی جان پر ظلم کرنیسے حاصل کیا ہے اور کہا جاتا ہے اس کو جو علیحدہ ہوتا ہے جماعت سے کہ اس نے عصا کو توڑ ڈالا ہے

بَابُ الْعَيْنِ حَرْفُ الضَّادِ

عین کا باب حرف ضاد کے ساتھ

عَضَضَ اَلْعَضُّ اَللَّزْمُ وَالْقَطْعُ بِالْاَسْنَانِ يُقَالُ عَضَّ عَلَيْهِ يَعَضُّ عَضِيْضًا اِذَا لَزِمَهٗ وَعَضَّ عَلَيْهِ يَعُضُّهٗ عَضًّا اِذَا قَطَعَهٗ بِاَسْنَانِهٖ قَالَ تَعَالٰى عَضُّوْا عَلَيْكُمُ الْاَنَامِلَ مِنَ الْغَيْظِ وَقَالَ وَيَوْمَ يَعَضُّ الظّٰلِمُ عَلٰى يَدَيْهِ وَذٰلِكَ عَادَةٌ مِّنَ النَّادِمِ لِمَا جَرٰى بِهٖ عَادَةُ النَّاسِ

عَضَضَ بعض توڑنے اور دانتوں کے ساتھ کاٹنے کو کہتے ہیں عض علیہ یعض کہا جاتا ہے جب اس کے ساتھ چمٹ جائے اور عض علیہ یعض دانت کو ساتھ کاٹنا خدا کا قول کاٹتے ہیں تمپر وہ اپنے پورے غضب سے اور کہا کہ جسدن ظالم اپنے ہاتھ کاٹیگا اور یہ بیان ہے شرمندگی کا جیسا کہ لوگوں کی عادت ہے

والاستعمال قال تعالیٰ وبئر معطلۃ ای متروکۃ کہا اللہ تعالیٰ نے کہ کوئیں ہیں معطلہ یعنی استعمال سے چھوڑ دیئے گئے ہیں بسبب ہلاک ہونے ان کے مالکوں کے

الاستعمال یقتضی انھا عطا العطو التناول والعاطاۃ المناولۃ والاعطاء الاناۃ قال تعالیٰ حتی یعطوا الجزیۃ واختص العطیۃ والعطاء بالصلۃ قال تعالیٰ ھذا عطاؤنا وقال ما من یشاء وقال عطاء غیر مجذوذ وقال فان اعطوا منھا رضوا وان لم یعطوا منھا اذا ھم یسخطون

عطا عطو کے معنے لینا اور معاطات کے معنے ایک دوسرکو دینا اور اعطاء کے معنی دینا اللہ نے کہا کہ یہانتک کہ دیویں جزیہ اور خصوصیت رکھتا ہے عطا اور عطیہ ساتھ ظاہری سامان کے خدا نے فرمایا یہ ہماری بخشش ہے اور فرمایا دیدیتا ہے جسکو چاہتا ہے اور کہا یہ ایسی عطا ہے جو منقطع نہ ہوگی اور کہا اگر دیا جائے انہیں مال تو خوش ہوتے ہیں اس اگر نہ دیجائیں تو ناراض ہوتے ہیں

باب العین حرف الظاء

عین کا باب حرف ظاء کے ساتھ

عظم العظم معروف وجمعہ عظام قال تعالیٰ فخلقنا المضغۃ عظاما فکسونا العظام لحما وقال ایحسب الانسان ان لن نجمع عظامہ وقولہ تعالیٰ عذاب یوم عظیم ای کبیر والعظیم الذی قد جاوز قدرہ وحد عن حدود العقول حتی لا یتصورہ الاحاطۃ بکنھہ وحقیقتہ والفرق بین العظیم والجلیل کالفرق بین الکبیر اطلاق العظیم علی کمال الذات والصفات ان الجلیل یطلق علی کمال الصفات والکبیر یطلق علی کمال الذات قال تعالیٰ رب العرش العظیم وقال قل ھو نبؤا عظیم وقال عم یتساءلون عن النبا العظیم وقال من القریتین عظیم وقال فوزا عظیما واستعظم تکلب وتغطرس

عظم۔ عظم استخوان کو کہتے ہیں اسکی جمع عظام ہے اللہ نے فرمایا پیدا کیا ہم نے مضغہ کو ہڈیاں اور چڑھایا ہم نے ہڈیوں پر گوشت اور فرمایا کیا گمان کرتا ہے انسان کہ ہم نہ جمع کرینگے اسکی ہڈیوں کو اور اسکا قول عذاب بڑے دن کا اور عظیم وہ ہے جسکی قدر بڑھ گئی ہو اور بڑھ گیا ہو عقول کی حد سے یہانتک کہ خیال میں نہیں آسکتا احاطہ کرنا اسکی کنہ کے ساتھ اور حقیقت کے ساتھ اور فرق درمیان عظیم جلیل کبیر کے یہ ہے استعمال عظیم کا ذات وصفات کے کمال پر ہے کیونکہ جلیل بولا جاتا ہے صفات کے کمال پر اور کبیر ذات کے کمال پر خدا تعالیٰ نے فرمایا ہے بڑے عرش کا رب اور فرمایا وہ بڑی خبر ہے فرمایا کس سے سوال کرتے ہیں ایک بڑی پیشگوئی سے سوال کرتے اور فرمایا دو بستیوں سے بڑا اور فرمایا میں کامیابی حاصل کرتا بڑی استعظم کے معنی میں کبر کرنا

وَالْعَضُدُ بِكَسْرِ الْمِيمِ الدِّمْلُجُ وَعَضَادَتَا الْبَابِ خَشَبَتَاهُ مِنْ جَانِبَيْهِ وَاعْضَادُ الْحَوْضِ جَوَانِبُهُ قَالَ الْاَخْبَارُ قَدْ يَعْضُدُهَا كَذَا اَیْ يُقَوِّيهَا مِنْ عَضَدْتُهُ اِذَا قَوَّيْتَهُ

عَضْلٌ قَالَ تَعَالٰى وَلَا تَعْضُلُوهُنَّ اَیْ لَا تَمْنَعُوهُنَّ مِنَ التَّزْوِيجِ وَاَصْلُهَا مِنْ عَضَلَتِ الْمَرْاَةُ اِذَا نَشِبَ وَلَدُهَا فِي بَطْنِهَا وَتَعَسَّرَ خُرُوجُهُ وَدَاءٌ عُضَالٌ بِضَمِّ الْعَيْنِ صَعْبُ الْبُرْءِ وَالْعَضَلَةُ فِي الْبَدَنِ كُلُّ لَحْمَةٍ مُلْتَزِّةٍ وَمِنْهُ عَضَلَةُ اللِّسَانِ وَالْعُضْلَةُ الدَّاهِيَةُ الْمُنْكَرَةُ وَالْمُعْضِلَةُ الْمَسْاَلَةُ الصَّعْبَةُ **عَضَهٌ** الْعِضَةُ قِطْعَةٌ مِنَ الشَّجَرِ وَجُزْاٌ مِنْهُ قَالَ تَعَالٰى جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِينَ اَیْ قِطَعًا مُفَرَّقًا فَقَالُوا لَهَانَةٌ وَقَالُوا اَسَاطِيرُ الْاَوَّلِينَ اِلٰى غَيْرِ ذٰلِكَ مِمَّا وَصَفُوهُ بِهِ وَقِيلَ مَعْنٰى عِضِينَ مَا قَالَ تَعَالٰى اَفَتُؤْمِنُونَ بِبَعْضِ الْكِتَابِ وَتَكْفُرُونَ بِبَعْضٍ

عضل

عضہ

بازو بند کو کہتے ہیں اور دروازے کا عضادہ جو اس کے دونوں جانب کی دونوں لکڑیاں ہوتی ہیں اور اعضاد الحوض حوض کے اردگرد کو کہتے ہیں اور کبھی خبر دینے کو بھی عضد کیا جاتا ہے یعنی مظبوط کیا جاتا ہے **عَضْلٌ**۔ اللہ نے کہا کہ نہ منع کرو انہیں نکاح سے اور اصل اس کا عضلت المراۃ جب اس کا بیٹا رحم میں ایسی صورت اختیار کرے کہ اس کا نکلنا مشکل ہوا اور بیماری عضال مشکل اچھا ہونیوالی اور عضلہ بدن مچھلی کے گوشت کو کہتے ہیں اور اسی سے زبان کی مچھلی ہے اور عضلہ بڑی سخت مصیبت ہے اور معضلۃ مشکل سوال ہے۔

عَضَهٌ۔ عضہ کسی چیز کا ٹکڑا اور اسکی جزو ہے اللہ نے کہا ہے کہ بنا دیا ہے انہوں نے قرآن کو عضین ٹکڑے متفرقہ کہا انہوں نے کہ یہ کاہن کی کلام اور کہانیاں ہیں اور اس کے سوا جو اس کے متعلق بیان کیا اور کہا گیا ہے کہ عضین کے بعض کو ماننا اور بعض کو نہ ماننا۔

بَابُ الْعَيْنِ حَرْفُ الطَّاءِ

عین کا باب حرف طاء کے ساتھ

عطف

عَطْفٌ اَلْعَطْفُ الْجَانِبُ قَالَ تَعَالٰى ثَانِيَ عِطْفِهِ اَیْ مُعَادِلًا جَانِبَهُ يَعْنِي مُعْرِضًا مُتَكَبِّرًا **عَطْلٌ** اَلْعَطْلُ فَقْدُ اَنْ يَكُونَ الْمَرْاَةُ

عَطْفٌ۔ عطف کے معنے پہلو کے ہیں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ثانی عطفہ پھیرنیوالا اپنے پہلو کو یعنے منہ پھیرنیوالا متکبر **عَطْلٌ**۔ عطل کے معنے مفلسی اور ناداستگی کو کم کرنا

عطل

لِاَنَّهٗ اِسَاءَةُ الظَّنِّ بِاللّٰهِ وَفِی الْحَدِیْثِ اَفْضَلُ الْعِبَادَةِ الْعَفَافُ الْعَفَافُ بِفَتْحِ الْعَیْنِ وَالتَّعَفُّفُ کَفُّ النَّفْسِ عَنِ الْمُحَرَّمَاتِ وَعَنْ سُؤَالِ النَّاسِ قَالَ تَعَالٰی یَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِیَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ فِی الْبَاقِرِ لِلتَّعَفُّفِ النَّثْرُ اَلْاِسْتِعْفَافُ طَلَبُ الْعَفَافِ وَاَعْفَّهُ اللّٰهُ اَیْ مَنَحَ الْعِفَّةَ وَتَکَلَّفَهَا اَعْطَاهُ اللّٰهُ تَعَالٰی اِیَّاهَا وَاِنَّهُمْ اِعِفَّةٌ جَمْعُ عَفِیْفٍ وَالْعِفَّةُ بَقِیَّةُ اللَّبَنِ فِی الضَّرْعِ بَعْدَ اَنْ یُّحْلَبَ اَکْثَرُ مَا فِیْهِ اھ وَقَالَ الرَّاغِبُ وَالْعِفَّةُ اِمِّی الْبَقِیَّةُ مِنَ الشَّیْءِ اھ وَفِی الْقَامُوْسِ عَفَّ عَفًّا وَعَفَافًا وَعَفَافَةً بِفَتْحَتَیْنِ وَعِفَّةً بِالْکَسْرِ فَهُوَ عَفٌّ وَعَفِیْفٌ کَفَّ عَمَّا لَا یَحِلُّ وَلَا یَجْمُلُ کَاسْتَعَفَّ اھ وَفِی التَّاجِ وَمِنْهُ الْحَدِیْثُ وَاسْتَعْفِفْ مِنَ السُّؤَالِ مَا اسْتَطَعْتَ فِی التَّنْزِیْلِ وَمَنْ کَانَ غَنِیًّا فَلْیَسْتَعْفِفْ وَکَذَالِکَ تَعَفَّفَ وَقِیْلَ اَلْاِسْتِعْفَافُ طَلَبُ الْعَفَافِ وَهُوَ اَلْکَفُّ عَنِ الْحَرَامِ وَالسُّؤَالِ مِنَ النَّاسِ وَالصَّبْرُ وَالنَّزَاهَةُ مِنَ الشَّیْءِ (ج) اِعْفَاءٌ هُوَ جَمْعُ عَفِیْفٍ وَلَمْ تُکَسَّرُ وَالْعَفُّ اھ وَهِیَ عَفَّةٌ وَعَفِیْفَةٌ (ج) عَفَائِفُ وَعَفِیْفَاتٌ وَیُقَالُ اَلْعَفِیْفَةُ مِنَ النِّسَاءِ

نکاح کو ترک کر دیا جائے کیونکہ خدا کے ساتھ بدظنی ہے۔ اور حدیث میں ہے کہ بزرگ عبادت اعفاف ہے اور عفاف بفتح عین اور تعفف نفس کو محرمات سے روکنے کو کہتے ہیں اور ایسا ہی لوگوں سے سوال کرنے سے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جاہل انکو تعفف کی وجہ سے غنی سمجھتے ہیں اور کتاب درالنثیر میں لکھا ہے کہ استعفاف عفت طلب کرنا ہے کیونکہ کہتے ہیں اور تعفف کے معنے یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ اسے عفت طلب کرنے سے عفت دیدی اور بولتے ہیں کہ انہم اعفۃ یعنی وہ لوگ عفت والے ہیں اور اعفہ عفیف کی جمع ہے اور عفت اس دودھ کو بھی کہتے ہیں جو بستانوں میں اکثر حصہ دوہنے کے بعد باقی رہتا ہے الخ اور راغب نے کہا ہے کہ عفت سے مراد بقیہ ہے کسی چیز سے الخ اور قاموس میں ہے کہ صیغہ عف جو ماضی ہے اسکا ماخذ اور مصدر عفا اور عفافا اور عفافۃ دو فتح کے ساتھ بھی آیا ہے اور عفت کسرہ سے بھی اور اسم اس کا عف اور عفیف ہے یعنی عف فعل ماضی کو مثل استعف کے ہیں یعنی اس چیز سے جو حلال نہیں اور نہ خوبی رکھتی ہو اس سے ہٹ جانا اور تاج میں ہے اور اسی سے یہ حدیث مذکور ہے کہ جہانتک ہو سکے سوال سے بچے اور ایسا ہی قرآن میں ہے کہ غنی کو چاہئے کہ عفاف اور پرہیزگاری اختیار کرے اور اسیطرح لفظ تعفف ہے اور کہا گیا ہے کہ استعفاف سے مراد طلب عفاف ہے اور عفاف حرام اور لوگوں سے سوال کرنے سے بچنے کو کہتے ہیں اور تعفف صبر اور کسی چیز کی نزاہت اور پاکیزگی کو بھی کہتے ہیں اور اعفاء جمع عفیف کی ہے اور عف جمع بکسر نہیں ہوتا اور مونث کیلئے عفت اور عفیفہ بولتے ہیں اور اسکی عفائف اور عفیفات جمع آتی ہے

عَدَّهُ عَظِيمًا وَعَظَّمْتُهُ بِالْأَلِفِ وَعَظَّمْتُهُ تَعْظِيمًا أَيْ وَقَّرْتُهُ وَبَجَّلْتُهُ وَالتَّعْظِيمُ التَّبْجِيلُ وَالْعَظَمَةُ الْكِبْرِيَاءُ وَمَالٌ عَظِيمٌ أَيْ كَثِيرٌ وَالْعَظِيمَةُ النَّازِلَةُ لَمْ نَذْكُرْ بَابَ الْعَيْنِ مَعَ حَرْفِ الْعَيْنِ وَالْغَيْنِ لِيَتَكَوَّنَ سُدَاسِيًّا

اور دوسرے کو عظیم شمار کیا۔ عظمتہ و عظمت تعظیماً یعنی اس کی عزت کی اور اسے بڑا سمجھا، اور تعظیم تبجیل ہے یعنی بڑائی اور عظمت کبریائی ہے اور کہتے ہیں مال عظیم یعنی کثیر اور عظیمہ یعنی مصیبت۔ اور ہم نے باب عین اور حرف غین کو سداسی ہونے کی وجہ سے ذکر نہیں کیا

بَابُ الْعَيْنِ حَرْفُ الْفَاءِ

عین کا باب حرف فا کے ساتھ

عفف

عَفَّ الْعِفَّةُ حُصُولُ حَالَةٍ لِلنَّفْسِ يُمْنَعُ بِهَا عَنْ غَلَبَةِ الشَّهْوَةِ قَالَ تَعَالَى وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِينَ لَا يَجِدُونَ نِكَاحًا أَيْ إِنْ كَانَ الْفَقْرُ يَخَافُ زِيَادَةَ الْفَقْرِ بِالنِّكَاحِ فَلْيَجْتَهِدْ فِي قَمْعِ الشَّهْوَةِ وَطَلَبِ الْعِفَّةِ بِالرِّيَاضَةِ لِيَسْكُنَ شَهْوَتُهُ كَمَا قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا مَعْشَرَ الشَّبَابِ مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمُ الْبَاءَةَ فَلْيَتَزَوَّجْ وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَعَلَيْهِ بِالصَّوْمِ فَإِنَّهُ وِجَاءٌ وَقِيلَ الْاِسْتِعْفَافُ هُوَ النِّكَاحُ فَعَنَا قَوْلِهِ تَعَالَى وَلْيَسْتَعْفِفْ أَيْ يَتَزَوَّجْ وَقَوْلُهُ لَا يَجِدُونَ نِكَاحًا أَيْ لَا يَجِدُونَ مَا يَكُونُ مُسَبِّبًا عَنِ النِّكَاحِ وَهُوَ الْمَهْرُ وَالنَّفَقَةُ فَإِذَا نَكَحَ فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ بَابَ الرِّزْقِ فَيُغْنِيهِ مِنْ فَضْلِهِ مَا يُؤَدِّي بِهِ حُقُوقَ النِّكَاحِ وَلَا يَجُوزُ أَنْ يَتْرُكَ النِّكَاحَ لِخَوْفِ لُزُومِ الْحَقِّ

عفف

عَفَّ۔ عفف نفس کے لئے ایک حالت ہے جس سے نفس غلبہ شہوت سے روکا جاتا ہے فرمایا اللہ تعالیٰ نے ولیستعفف الذین الخ یعنی جو لوگ نکاح کی طاقت نہیں رکھتے وہ عفت اختیار کریں مراد اس سے یہ ہے کہ اگر کوئی محتاج نکاح کرنے سے تنگی اور افلاس کی زیادتی سے ڈرے تو اسے چاہیے کہ شہوت کے قلع قمع کرنے کی کوشش کرے اور شہوت کے روکنے کیلئے ریاضت یا اور عفت سے کام لے جیسا کہ آنحضرت نے فرمایا کہ اے جوانوں کے گروہ جو تم میں باہ کی استطاعت پائی چاہیے کہ عورت کرے اور جو استطاعت نہیں رکھتا چاہیے کہ روزے رکھکر شہوت کی آگ کو سرد کرے کیونکہ روزے رکھنا بھی ایک خصی ہونیکا طریق ہے اور کہا گیا کہ استعفاف سے مراد نکاح کرنا ہے پس اسکو قول کا یہ مطلب ہوا کہ چاہیے کہ نکاح کریں وہ لوگ جو نکاح نہیں پاتے یعنی وہ چیز جو نکاح کیلئے سبب ہو اور وہ مہر اور نفقہ ہے پس جب وہ نکاح کریگا تو اللہ تعالیٰ اسپر رزق کا دروازہ کھولدیگا اور اپنے فضل سے غنی کردیگا جس سے وہ نکاح کے حقوق بخوبی ادا کرسکے اور جائز نہیں کہ حق تعالیٰ کے

وَالْعِفْرِيَّةُ الدَّاهِيَةُ وَقَالَ الْفَرَّاءُ مِنْ قَالَ عِفْرِيَةٌ فَجَمْعُهُ عَفَارٍ كَقَوْلِهِمْ فِي جَمْعِ الطَّاغُوتِ طَوَاغِيتُ وَطَوَاغٍ وَمَنْ قَالَ عِفْرِيتٌ فَجَمْعُهُ عَفَارِيتُ وَقَالَ غَيْرُهُ يُقَالُ فُلَانٌ عِفْرِيتٌ نِفْرِيتٌ وَعِفْرِيَةٌ نِفْرِيَةٌ وَفِي الْحَدِيثِ إِنَّ اللهَ تَعَالَى يُبْغِضُ الْعِفْرِيَةَ النِّفْرِيَةَ الَّذِي لَا يُرْزَأُ فِي أَهْلٍ وَلَا مَالٍ قِيلَ هُوَ الدَّاهِي الْخَبِيثُ الشَّرِيرُ وَمِنْهُ الْعِفْرِيتُ وَقِيلَ هُوَ الْجُمُوعُ الْمَنُوعُ وَقِيلَ الظَّلُومُ وَقَالَ الزَّمَخْشَرِيُّ الْعَفْرُ وَالْعِفْرِيَةُ وَالْعِفْرِيتُ وَالْعِفَارِيَةُ الْقَوِيُّ الْمُنْشَيْطِنُ الَّذِي يَعْفُرُ قَرْنَهُ وَالْيَاءُ فِي عِفْرِيَةٍ وَعَفَارِيَةٍ لِلْإِلْحَاقِ بِسِرْدَاحَةٍ وَعَدَنَّرِيَةٍ وَالْهَاءُ فِيهِمَا لِلْمُبَالَغَةِ وَالْيَاءُ فِي عِفْرِيتٍ لِلْإِلْحَاقِ بِقِنْدِيلٍ وَمِمَّا وَضَعَ يَدِهِ ابْنُ سِيدَهْ مِنِ ابْنِ عُبَيْدِ الْقَاسِمِ بْنِ سَلَّامٍ قَوْلُهُ فِي الْمُصَنَّفِ الْعِفْرِيَةُ مِثَالُ فِعْلَلِيَةٍ فَجَعَلَ الْيَاءَ أَصْلًا وَالْيَاءُ لَا تَكُونُ فِي بِنَاءِ الْأَرْبَعَةِ قُلْتُ الْعِفْرِيتُ صِفَةٌ يُطْلَقُ لَفْظُهَا عَلَى الشَّخْصِ الْمُقَلَّبِ لِلْأُمُورِ بِدُهَاءٍ وَالْقَوِيِّ عَلَى إِمْضَائِهَا سَوَاءٌ كَانَ مِنَ الْإِنْسِ أَوْ مِنَ الْجِنِّ قَالَ تَعَالَى قَالَ عِفْرِيتٌ مِنَ الْجِنِّ أَنَا آتِيكَ بِهِ قَبْلَ أَنْ تَقُومَ مِنْ مَقَامِكَ

اور عفریت بعیبت کو بھی کہتے ہیں اور فراء نے کہا کہ عفریت واحد ہے جسکی جمع مفار ہے۔ جیسا کہ ان کا قول طاغوت کی جمع کی نسبت طواغیت اور طواغی ہے اور جو شخص عفریت کہیگا تو اسکی جمع عفاریت آئیگی اور اسکے سوا اوروں کہا ہے کہ فلاں عفریت نفریت یعنی فلانا دیو ہے اور ایسا ہی عفریۃ نفریۃ اور حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ دشمن پکڑنا ہے عفریۃ نفریۃ کو جو اہل اور مال میں مصیبت نہیں پاتا اور کہا گیا کہ وہ چالاک خبیث اور شریر ہے اور رازیں نفیل عفریت بھی ہے اور کہا گیا ہے کہ وہ جامع مانع ہے اور کہا گیا ہے کہ ظالم ہے اور زمخشری نے کہا کہ عفر عفریت اور عفاریہ طاقت ور آدمی کو کہتے ہیں جسمیں علاوہ قوی ہونے کے شیطنیت بھی ہو اور اپنے ساتھی کو دبا لیتا ہو۔ اور عفریۃ اور عفاریہ میں یا الحاق کیلئے ساتھ شرزمہ اور عدافرہ کے اور ان دونوں میں ہا مبالغہ کے لئے ہے اور یا عفریت میں الحاق کیلئے ہے ساتھ قندیل کے اور ابن سیدہ نے کتاب مصنف سے کہا ہے کہ عفریۃ فعللیۃ کے وزن پر ہے اور یا اصل ہے نہ زائدہ اور یا بنات اربعہ میں چار حرفی مصدر میں اصل نہیں ہوتا میں کہتا ہوں کہ عفریت صفت ہے جسکا اطلاق ایسے شخص پر ہوتا ہے جو امور کو انقلاب میں ڈالدے ساتھ تیزی اور چالاکی کے حالانکہ وہ قوت رکھتا ہے اس کے بجالانے کی درستی سے اور وہ برابر ہے خواہ جن ہو خواہ انس اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ایک دیو بولا جو از قسم جن تھا کہ وہ تخت میں لاتا ہوں میں اسکو تیرے پاس تیرے مقام

اَلشَّدِيدَةُ الْخَبِيثَةُ وَامْرَأَةٌ عِفْرِيَةٌ عِفْرِيَةٌ
الْفَارِهُ (تاج) وَعِفْرَةُ اللَّهِ وَتَعَفَّفَ تَكَلَّفَهُ
(قاموس) وَقَالَ فِي الصِّحَاحِ نَقَلَهُ الْجَوْهَرِيُّ
وَمِنْهُ قَوْلُ خَبِيبٍ وَقَائِلَةٍ لِلْفَرْقَدِ فِي
كَلَا بُرَاهُ مَعَ التَّعَفُّفِ يَشْتَغِي وَلَا يَتَعَفَّفُ
عَفْرَاءُ الْعَفْرُ وَجْهُ الْأَرْضِ وَتَعْفِيرُ
الْإِنَاءِ بِالتُّرَابِ قَبْلَ الْغَسْلِ وَتَعْفِيرُ
الْمَنِيِّ الْقَوِيُّ مِنْ خُبْثِهِ وَدُهَائِهِ وَقَالَ
الزَّجَّاجُ وَقَالَ ابْنُ قُتَيْبَةَ الْعِفْرِيَةُ الْخَبِيثُ
الْخَلْقِ وَأَصْلُهُ مِنَ الْعَفْرِ وَهُوَ التُّرَابُ اهـ
وَقَالَ الزَّجَّاجُ الْعِفْرِيَةُ مِنَ الرِّجَالِ اهـ
وَفِي الْقَامُوسِ الْعِفْرِيَةُ وَالْعِفْرِيَّةُ وَ
تُشَدَّدُ ذَلِكَ مَعَ كَسْرِ الْفَاءِ وَالنُّونِ فِي الْأَخِيرِ
الْمُبَالِغُ فِيهِ مَعَ دَهَاءٍ اهـ وَفِي الصِّحَاحِ الْعِفْرِيُّ
مِنَ الْجِنِّ الْعَارِمُ الْخَبِيثُ وَيُسْتَعْمَلُ فِي
الْإِنْسَانِ اسْتِعَارَةً لِشَيْطَانِيَّتِهِ يُقَالُ
عِفْرِيَةٌ نِفْرِيَةٌ اهـ وَقَالَ فِي التَّاجِ قَالَ
الْخَلِيلُ شَيْطَانٌ عِفْرِيَةٌ وَعِفْرِيَّةٌ وَ
هُمُ الْعَفَارِيَةُ وَالْعَفَارِيُّ إِذَا سَكَنْتَ الْيَاءَ
صَيَّرْتَ الْهَاءَ تَاءً وَإِذَا حَرَّكْتَهَا فَالتَّاءُ
هَاءٌ فِي الْوَقْفِ قَالَ ذُو الرُّمَّةِ

كَمَا تَهَيَّا كَوْكَبٌ فِي أَثَرِ عِفْرِيَةٍ
مُسَتَّدٍ فِي سَقَاوِي اللَّيْلِ مُنْقَضِبِ

بکر اور صرد وار خبیث دہی کو کہتے ہیں اور عفیرۃ اس
عورت کو کہتے ہیں جو بڑی تیز اور ماہر ہو اور تعفف کے معنے ہیں کسی سے تکلف کرنا اسی سے
اور وہ شعر جو صحاح میں ہے تو اس نے کہا کہ قال کیا ہے جو
اور اسی سے ہے بیت قائلۃ الخ یعنی کسی عورت نے
فرقد کو کہا کہ تو تعفف کے ساتھ جو اسکو غالب ہے
اور یہ ضعیف ہے عفراء سے عفر سے ماخوذ ہے کہ کہتے ہیں
اور تعفیر اناء برتن کو مٹی سے مانجنے کو کہتے ہیں برتن کے دھونے
سے پہلے اور عفریت اور عفرین اور زفر قد کو کہتے ہیں جسمیں شیطنت اور
دغا بازیاں ہوں اور راغب نے کہا ہے کہ ابن قتیبہ نے کہا ہے
کہ عفریت مضبوط خلق کو کہتے ہیں اور عفریت کی اصل عفریت ہے
یعنی مٹی سے اور زجاج نے کہا کہ عفریت مرد قوی ہوتا ہے
قاموس میں ہے کہ عفریت اور عفرین تشدید راے کیساتھ
کہتے ہیں جو کسی امر میں پختہ کار ہو ساتھ دانائی کے عفریت
جن باغی اور خبیث کو کہتے ہیں اور استعارہ کے طور پر انسان کیلئے
بھی استعمال ہوتا ہے اسکو شیطان کے لئے چنانچہ کہا جاتا ہے عفریت
نفریت الخ اور تاج میں ہے کہ خلیل نے کہا ہے کہ شیطان
عفریتہ و عفریت بھی آیا ہے اور اسطرح بھی وہ کہتے
عفاریتہ ہیں اور عفاریت جب یاے کو سکون دیگا
تو تاء کر تاء سے بدل دیا اور جب یاء کو حرکت دیگا تو
وقف کے لئے ہاء سے بدل دیگا چنانچہ ذو الرمہ نے کہا
گویا وہ ستارہ ہے جو دیو کے زیر اثر پڑا ہے یعنی
رات کی سیاہی میں نشانزد اور مصیبت زدہ

وَلَا تَسْتَقْضِي عَلَيْهِمْ فَيَسْتَقْضُوا عَلَيْكَ فَيَتَوَلَّدَ مِنْهُ الْبَغْضَاءُ وَالْعَدَاوَةُ وَقَالَ الزَّاغِبُ أَيْ مَا يَسْهُلُ قَصْدُهُ وَتَنَاوُلُهُ وَقِيلَ مَعْنَاهُ تَعَالَى الْعَفْوَ عَنِ النَّاسِ وَقَوْلُهُ وَيَسْأَلُونَكَ مَاذَا يُنْفِقُونَ قُلِ الْعَفْوَ أَيْ مَا يَسْهُلُ إِنْفَاقُهُ اهـ وَقِيلَ مَعْنَاهُ الْكَثْرَةُ وَالْفَضْلُ أُمِرُوا أَنْ يُنْفِقُوا الْفَضْلَ إِلَى أَنْ فُرِضَتِ الزَّكَاةُ وَالْعَفْوُ مِنَ الْبِلَادِ مَا لَا أَثَرَ لِأَحَدٍ فِيهَا يَمْلِكُ فِي الصِّحَاحِ هِيَ الْأَرْضُ الْقَفْرُ أَيْ لَمْ تُوطَأْ وَلَيْسَتْ بِهَا أَنَاسٌ وَقَالَ الْأَخْطَلُ وَقَبِيلَةٍ كَيْمَا تُرَاكِ النَّعْرَةُ إِيجَةٌ آنُ يَهْبِطُوا الْعَفْوَ وَلَمْ يُوجِنْ لَهُمْ أَثَرٌ وَالْعَفْوُ دَلِيلُ الْحِمَارِ وَيُثَلَّثُ نَقَلَهُ الْجَوْهَرِيُّ كَالْعَفَاءِ بِالْقَصْرِ فِيهِمَا فِي الْخَشْنِ وَفِي الْبِلَادِ وَرَجُلٌ عَفُوٌّ عَنِ الذَّنْبِ كَعَدُوٍّ أَيْ عَافٍ وَفِي الصِّحَاحِ الْعَفُوُّ عَلَى فَعُولٍ الْكَثِيرُ الْعَفْوِ قُلْتُ وَهُوَ مِنْ صِفَاتِ اللهِ جَلَّ شَأْنُهُ قَالَ تَعَالَى إِنَّ اللهَ كَانَ عَفُوًّا غَفُورًا وَعَفَتِ الْأَرْضُ غَطَّاهَا النَّبَاتُ وَقَانِيَتُ لَدًا أَيْ أَثَرَ لَنَّهُ وَمِنْهُ قَبْلُ اعْفُوا اللَّحَى وَالْعَفَاءُ مَا لَا تُرْمَى الْحَبَارَى وَالرِّيشِ وَعَافَاهُ مِنَ الْأَمْرِ أَيْ بَرَّاهُ وَعَفَتِ الْإِبِلُ

اور فرمایا تم ان پر حاکم نہ بنو کہ پھر وہ تم پر حاکم بنا دیں اور ویسا ہی تم سے سلوک کریں کہ تم ان سے عداوت کرو کیونکہ اس سے عداوت اور بغض پیدا ہوتی ہے اور راغب نے کہا ہے عفو سے مراد وہ چیز ہے جس کا حاصل ہونا سہل ہو اور کہا گیا کہ اس کے معنے ہیں لوگوں سے عفو کرنا اور اس بارہ میں خدا تعالیٰ کا قول ہے ویسئلونک ماذا ینفقون الخ یعنی تجھ سے سوال کرتے ہیں کہ کیا خرچ کریں کیونکہ عفو یعنی وہ چیز جس کا خرچ کرنا آسان ہے اور کہا گیا ہے کہ اس کے معنے کثرت اور زیادتی کے ہیں اور امر کئے گئے ہیں کہ فضل یعنی زیادتی کو خرچ کریں یہانتک کہ زکوٰۃ فرض کی گئی اور عفو معروف ہے یعنی وہ جگہ جو روح ہو اور عفو من البلاد کہ معنے ہیں وہ جگہ جس پینے سے باقی بچے اور بلاد عفو نہ ہو جس میں کسی کے لیے اثر نہ ہو اور صحاح میں ہے کہ الارض العفو جس سے مراد وہ زمین ہے جو ابھی تک پیر رکھے نہیں آئی اور نہ اس میں نشان ہوں جیسا کہ اخطل نے کہا ایک قبیلہ ہے جو پاؤں کی بدھری یعنی دوال کی طرح دور دور ایسا پھیل رہا ہے کہ بے نشان زمین پر قبضہ اور اس کا کوئی نشان اثر نہ پایا جائے اور عفو گدھے کے بچہ کو بھی کہتے ہیں اور دیگر تین معنوں سے جوہری نے اسکو نقل کیا ہے العفا کبطرح اور ان دونوں کا مصدر کھیا بیان کیا ہے تیسرا اور الجلاد کے مذکر میں رجل عفو العفا اور عفو مثل عدو کی یعنی معاف کرنیوالا اور صحاح میں ہے کہ عفو فعول کے وزن پر کثیر العفو کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے میں کہتا ہوں کہ عفو اللہ کے صفات سے ایک صفت بھی ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اللہ عفو غفور ہے اور عفت الارض کے معنے ہیں کہ بوٹیوں نے اسے ڈھانپ لیا اور کہتے ہیں عفت کذا یعنی میں نے ترک کر دیا اور اسی سے ہے اعفونی یعنی مجھ کو چھوڑ دو اور عفا اونٹ کے اون کے بہت زیادہ ہونے سے ہے اور ایسا ہی ہے پر اور نوک اور عفا کا مضارع یعفو ہے

۲ المسطر

۴۴ والعفو المعروف والعفو من الماء ما فضل عن الشاربة واخذ بلا كلفة وكأمنا احمة

وَالِي عَلَيْهِ وَلِقَوِيٍّ مِنْ عَفَا يَعْفُو الصَّفْحُ
عَنِ الْجَانِي وَتَرْكُ الْعُقُوبَةِ الْمُسْتَحَقِّ يُقَالُ
قَدْ عَفَا عَنْهُ وَعَفَا لَهُ ذَنْبَهُ وَعَنْ ذَنْبِهِ
أَيْ تَرَكَهُ وَتَجَافَى عَنْهُ قَالَ تَعَالَى فَمَنْ عَفَا
وَأَصْلَحَ وَقَالَ إِنْ تَعْفُوا أَقْرَبُ لِلتَّقْوَى
وَقَالَ ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ وَقَالَ فَتَابَ عَلَيْكُمْ
وَعَفَا عَنْكُمْ وَقَالَ إِنْ نَعْفُ عَنْ طَائِفَةٍ
وَقَالَ وَاعْفُ عَنْهُمْ وَالْعَفْوُ الْمَحْوُ قِيلَ وَ
مِنْهُ عَفَا اللَّهُ عَنْكَ أَيْ مَحَى مِنْ عَفَتِ الرِّيَاحُ
الْأَثَرَ أَيْ دَرَسَتْهُ وَمَحَتْهُ وَمِنْهُ الْحَيَاءُ
سَلُوا اللَّهَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فَالْعَافِيَةُ
مَحْوُ الذَّنْبِ وَالْعَفْوُ أَيْضًا الْإِمْتِحَاءُ يُقَالُ
عَفَا الْأَثَرُ أَيِ امَّحَى يَتَعَدَّى وَلَا يَتَعَدَّى
وَالْعَفْوُ أَحَلُّ الْمَالِ وَأَطْيَبُهُ وَفِي الْحُكْمِ
أَحَلُّ الْمَالِ وَأَطْيَبُهُ وَفِي الصِّحَاحِ عَفْوُ الْمَالِ
مَا يَفْضُلُ مِنَ النَّفَقَةِ يُقَالُ أَعْطَيْتُهُ عَفْوَ
الْمَالِ يَعْنِي بِغَيْرِ مَسْأَلَةٍ وَأَنْشَدَ
خُذِي الْعَفْوَ مِنِّي تَسْتَدِيمِي مَوَدَّتِي
وَلَا تَنْطِقِي فِي ثَوْرَتِي حِينَ أَغْضَبُ
وَالْعَفْوُ خِيَارُ الشَّيْءِ وَأَجْوَدُهُ وَمَا لَا تَعَبَ
فِيهِ وَالْعَفْوُ الْفَضْلُ وَعَلَى ذَلِكَ قَوْلُهُ تَعَالَى
خُذِ الْعَفْوَ وَقِيلَ سَأَلَ بِلَا مَسْأَلَةٍ وَلَا كُلْفَةٍ
وَالْعَفْوُ مَا قَبُلَ الْمَيْسُورَ مِنْ أَخْلَاقِ النَّاسِ

نہیں، اور میں اس کو یہ قوی اور امین ہوں عفا کہا
اور عفو ہے اور اس کے معنے ہیں گناہ سے درگذر کرنا اور
مستحق عقوبت کی سزا کو ترک کر دینا اور کہا جاتا ہے عفا عنہ
و عفا لہ و عفا ذنبہ و عفا عن ذنبہ یعنی چھوڑ دیا اسکو اور اسکو کچھ
دینے سے بیپرواہ ہو گیا۔ جیسا کہ اللہ تعالے فرماتا ہے کہ پس
جو شخص معاف کر دے اور صلح پیدا کرے۔ اور فرماتا ہے اگر
اگر تم معاف کر دو گے تو یہ تقوی کیلئے اقرب ترین ہے اور ایک
جگہ فرماتا ہے کہ پھر ہم نے معاف کر دیا تم سے اور پھر فرمایا کہ جو ہم
کیا تم پر اور معاف کیا تم سے اور ایسا ہی کہا کہ اگر معاف کرے
ایک گروہ سے اور ایک جگہ فرمایا اور درگذر کرانسے اور عفو کو بھی کہتے
ہیں جیسا کہ کہا گیا ہے عفا اللہ عنک یعنی نابود کر دیا گناہ تجھ سے
اور معنے عفو کے ہیں محو ہونا اثر سے یعنی ہواؤں نے کھو دیا
مٹا دیا اور اسی سے حدیث ہے کہ اللہ تعالے سے عفو اور
عافیت اور معافات پس عفو کے معنے گناہ کو نابود کرنا ہے اور عفو
کے معنے کبھی مٹ جانے کو بھی ہیں جیسے کہتے ہیں عفا الاثر یعنی نشان مٹ
گیا اور عفا متعدی بھی ہے اور لازمی بھی، اور عفو نہایت پاکیزہ
حلال مال کو بھی کہتے ہیں، بحکم یہ ہے کہ پاکیزہ اور خوبصورت مال
کہتے ہیں اور صحاح میں ہے کہ عفو وہ مال ہے جو خرچ کو زائد مال ہو
جیسا کہ کہا جاتا ہے کہ میں نے اسکو عفو المال یا یعنی بغیر مانگنے کے اور ایک
شخص کہا یا مجھے زائد مال لیلیا کر تجھ میں میری محبت ہمیشہ رہے
اور جب میں غصہ سے جوش میں آ جاؤں تو سخت بول۔ اور عفو عمدہ
ہر چیز کو بھی کہتے ہیں اور اس کلام کو بھی جس میں تکلف نہ ہو اور عفو
زیادتی کو بھی کہتے ہیں اور اسی پر اللہ تعالے کا قول ہے خذ العفو یعنی زائد مال
اور کہا گیا کہ کوئی مانگے دیدے، اور بلا کسی مشقت تکلیف کے یعنی اخلاق سے دو

قال تعالیٰ فحق عقاب وقال شدید العقاب وقال وان عاقبتم فعاقبوا بمثل ما عوقبتم به وقال ومن عاقب بمثل ما عوقب به والتعقیب ان یاتی بشیء بعد اخر والعقبا الحفظة قال له معقبات من بین یدیه ومن خلفه یحفظونه من امر الله ای بامر الله وقوله تعالیٰ لا معقب لحکمه ای لا احد یتعقبه فیبحث عن فعله لقوله لا یسئل عما یفعل وهم یسئلون وقوله تعالیٰ فاعقبهم نفاقا ای اورثهم والضمیر راجع الی البخل او الی الله والعقبة طریق فی الجبل والجمع عقب واما قوله تعالیٰ فلا اقتحم العقبة وما ادرٰک ما العقبة ففسرها الله تعالیٰ بقوله فک رقبة او اطعام فی یوم ذی مسغبة یتیما ذا مقربة او مسکینا ذا متربة وقوله تعالیٰ ولا یخاف عقباها ای ولا یخاف الله من احد تبعة فی اهلاکهم عن ابن عباس والحسن وقتادة ومجاهد والسدی وقیل معناه لا یخاف صالح عاقبة ملجوتهم من العقوبات لانه کان علی ثقة من نجاته وقولهم فلان لم یعقب ای لم یترک ولدا واعقاب الرجل اولاده قال هل للغة

فرمایا پس عذاب فرمایا اور فرمایا سخت عذاب والا اور فرمایا پس اگر تم سزا دو تو اسیقدر کہ انہوں نے تم کو دکھ دیا ہے اور فرمایا اور جو اسیقدر دکھ دے جو کہ اسکو دیا گیا تھا اور تعقیب یہ ہے کہ ایک شئی کو دوسری کے بعد لایا جائے اور معقبات محافظوں کو کہتے ہیں فرمایا اس کے لئے محافظ ہیں آگے اور پیچھے جو کہ اسکو اللہ کے امر سے بچاتے ہیں یعنی اللہ کے امر کے ساتھ اور یہ قول اور اس کے حکم کے لئے کوئی معقب نہیں ہے یعنی اسپر کوئی اعتراض اور بحث کرنیوالا نہیں ہے کیونکہ اللہ کریم نے فرمادیا ہے وہ اپنے فعل کی نسبت سوال نہیں کیا جاتا ہے اور انسے سوال کیا جائیگا اور یہ قول پس اس نے انہیں نفاق پیدا کردیا اور ضمیر مجرور کیطرف راجع ہے یا اللہ کیطرف اور عقبہ پہاڑی سخت راستہ کو کہتے ہیں اور جمع عقب ہے لیکن اللہ تعالیٰ کا یہ قول فلا اقتحم العقبة وما ادرٰک ما العقبة (پس نہیں داخل ہوا عقبہ میں اور تجھکو وہ عقبہ کس نے بتائی ہے) پس اللہ کریم نے اسکی تفسیر اپنے اس قول کے ساتھ فرمائی ہے ایک غلام کا آزاد کرنا ہے یا سخت دنیں کھانا کھلانا ہے اور یہ قول اور نہیں ڈرتا اسکی پیچھے سے یعنی اللہ کسی کے ہلاک کرنیمیں اسکے بانجام سے نہیں ڈرتا ابن عباس اور حسن اور قتادہ اور مجاہد اور سدی سے روایت ہوا اور کہا گیا کہ اس کے معنے یہ ہیں کہ صالح آدمی ان عذابوں کی جانکے انجام سے نہیں ڈرتا کہ جنسے وہ ڈرایا گیا تھا کیونکہ اسکو اپنی نجات میں وثوق ہوتا ہے اور اسکا یہ قول فلان لم یعقب یعنی اس نے کوئی اولاد نہیں چھوڑی اور اعقاب الرجل مرد کی اولاد کو کہتے ہیں لغت

تَعْفُوهُ عَفْوًا تَنَا وَلْتُهُ قَرِيبًا وَعَفَا أَثَرُهُ هَلَكَ وَالْعَافِي الضَّيْفُ وَالْعَفَاءُ لِسَمَاوِ التُّرَابُ وَالْعَفَاءُ الْبَيَاضُ عَلَى الْحَدَقَةِ وَقَالَ أَبُو عُبَيْدَةَ الْعِقَاءُ الدَّرُوسُ وَالْمَلَائِكُ وَاعْفَى لِلْحَيَّةِ وَفَرَّهَا

تعفوہ عفوًا یعنی دنشوں کے چار یکو نزدیک سے لیا اور تھا اثرہ اسکا اثر مٹ گیا یعنی ہلاک ہوگیا اور عافی مہمان کو کہتے ہیں اور عفاء سیاہی کی مانند مٹی کو کہتے ہیں اور عفاء وہ سپیدی ہے جو کنکھڑ پر ہوتی ہے اور ابو عبیدہ کہتا ہے کہ عفاء یعنی ہلاک ہونیکو کہتے ہیں اور اعفی للحیۃ یعنی داڑھی کو بڑھایا

بَابُ الْعَيْنِ حَرْفُ الْقَافِ

عین کا باب حرف قاف کے ساتھ

عَقِبٌ الْعَقِبُ مُؤَخَّرُ الرِّجْلِ وَلِذَا لِكَ يُقَالُ عَقِبَهُ إِذَا تَلَاهُ وَقَوْلُهُمْ رَجَعَ عَلَى عَقِبِهِ مَعْنَاهُ إِنْثَنَى رَاجِعًا إِلَى وَرَائِهِ وَلِذَا لِكَ اسْتُعِيرَ لِلَّذِي يَعْرِضُ عَنِ الْحَقِّ وَيَرْجِعُ إِلَى وَرَائِهِ قَالَ تَعَالَى أَنْقَلَبْتُمْ عَلَى أَعْقَابِكُمْ وَمَنْ يَنْقَلِبْ عَلَى عَقِبَيْهِ وَقَالَ وَتَكُصُّ عَلَى عَقِبَيْهِ وَقَالَ عَلَى أَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُونَ وَقَوْلُهُ تَعَالَى وَنُرَدُّ عَلَى أَعْقَابِنَا مِنْ قَوْلِهِمْ رَجَعَ عَوْدُهُ عَلَى بَدْئِهِ وَالْعَقْبُ وَالْعُقْبَى يَخْتَصَّانِ بِالثَّوَابِ نَحْوُ قَوْلِهِ تَعَالَى وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِينَ وَبِالْإِضَافَةِ قَدْ يُسْتَعْمَلُ فِي الْعُقُوبَةِ نَحْوُ قَوْلِهِ تَعَالَى ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِينَ أَسَاءُوا وَقَوْلِهِ فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَا أَنَّهُمَا فِي النَّارِ وَقَوْلِهِ ثُمَّ كَانَ عَاقِبَتَهُمَا وَقَوْلِهِ عَاقِبَةُ الظَّالِمِينَ فَلَفْظُ عَاقِبَتِهِ فِي آيَاتٍ كَثِيرَةٍ فِي الْقُرْآنِ الْكَرِيمِ وَالْعُقُوبَةُ وَالْعِقَابُ يَخْتَصَّانِ بِالْعَذَابِ

عقب عقب پاؤں کے پیچھے کی طرف کو کہتے ہیں اسی وجہ سے عقب کہتے ہیں جبکہ کوئی کسی کے پیچھے چلے اور ان کا یہ قول کہ رجع علی عقب پس اس کے یہ معنے ہیں کہ پیچھے کو لوٹا اور اسی وجہ سے حق سے اعراض کرنے والے کیلئے یہ استعارہ کیا جاتا ہے کہ وہ بھی پیچھے لوٹتا ہے فرمایا تم پیچھے لوٹ جاؤ گے اور جو پیچھے لوٹیگا اور فرمایا اور لوٹا پیچھے اور فرمایا تم پیچھے لوٹتے ہو اور یہ قول اور ہم پیچھے لوٹ جائیں یہ ان کے اس قول سے ہے کہ لوٹ گیا اس کو لوٹنا ابتدا پر اور عقب اور عقبی ثواب کے ساتھ مختص ہیں جیسا اللہ کریم کا یہ قول اور انجام متقیوں کیلئے ہے اور اضافت کے ساتھ کبھی عذاب میں بھی استعمال ہوتا ہے جیسا اللہ کریم کا یہ قول پھر برا کرنیوالوں کا انجام یہ ہوا کہ آگ میں اور یہ قول پھر ان دونوں کا انجام اور یہ قول اور ظالموں کا انجام پس عاقبت کا لفظ بہت سی آیتوں میں ہے اور عقوبۃ اور عقاب عذاب کے ساتھ مختص ہیں

لَا يَدْخُلُ فِيهِ أَوْلَادُ الْبَنَاتِ لِأَنَّهُمْ لَمْ
يَعْقُبُوهُ يَا إِسْمَاعِيلُ قَالَ وَرَاءَكَ نَهْدٌ دَيْسَقَةٌ
فَإِنَّهُمْ يَدْخُلُونَ فِيهَا وَأَمَّا الْعَقِبُ وَالْعُقُوبُ
ذَكَرُ الْحَجَلِ وَالْقَطَا وَيَعْقُوبُ اِسْمٌ بِهِ سُمِّيَ الْأَعْجَمِيُّ
مَعْرُوفٌ قَالَ تَعَالَى وَمِنْ وَرَاءِ إِسْحَاقَ يَعْقُوبَ
وَسُمِّيَ بِهٰذَا الْاِسْمِ لِأَنَّهُ وُلِدَ مَعَ عِيصَوَ فِي
بَطْنٍ وَاحِدٍ وُلِدَ عِيصَوَ قَبْلُ وَكَانَ يَعْقُوبُ
مُتَعَلِّقًا بِعَقِبِهِ خَرَجَا مَعًا فَعِيصَوَ هُوَ الرُّوْمُ
وَفِي لِسَانِ الْعَرَبِ قَالَ اللّٰهُ تَعَالَى فِي قِصَّةِ
إِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَامْرَأَتُهُ قَائِمَةٌ
فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنَاهَا بِإِسْحَاقَ وَمِنْ وَرَاءِ
إِسْحَاقَ يَعْقُوبَ زَعَمَ أَبُو زَيْدٍ وَالْأَخْفَشُ
أَنَّهُ مَنْصُوبٌ وَهُوَ فِي مَوْضِعِ الْخَفْضِ عَطْفًا
عَلَى قَوْلِهِ تَعَالَى فَبَشَّرْنَاهَا بِإِسْحَاقَ وَمِنْ وَرَاءِ
إِسْحَاقَ بِيَعْقُوبَ قَالَ الْأَزْهَرِيُّ وَهٰذَا
غَيْرُ جَائِزٍ عِنْدَ حُذَّاقِ النَّحْوِيِّينَ مِنَ الْبَصْرِيِّينَ
وَالْكُوفِيِّينَ وَأَمَّا أَبُو الْعَبَّاسِ أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى
فَإِنَّهُ قَالَ نُصِبَ يَعْقُوبُ بِإِضْمَارِ فِعْلٍ آخَرَ
كَأَنَّهُ قَالَ فَبَشَّرْنَاهَا بِإِسْحَاقَ وَوَهَبْنَا لَهَا
مِنْ وَرَاءِ إِسْحَاقَ يَعْقُوبَ وَيَعْقُوبُ عِنْدَهُ
فِي مَوْضِعِ النَّصْبِ لَا فِي مَوْضِعِ الْخَفْضِ بِالْفِعْلِ
الْمُضْمَرِ وَمِثْلُهُ قَوْلُ الزَّجَّاجِ وَابْنِ الْأَنْبَارِيِّ
قَالَ وَقَوْلُ الْأَخْفَشِ وَأَبِي زَيْدٍ عِنْدَهُمْ خَطَأٌ

کہ اسمیں لڑکی کی اولاد داخل نہیں کیونکہ وہ نسب
باپ سے ہے بیٹی سے نہیں اور اگر اسکی اولاد
ہو تو وہ اسمیں داخل ہوگی اور عرب عقاب کو عقبہ
عورت، وہ پرند کہ کبابیہ سے بڑا ہوتا ہے اور چھوٹا ہوتا ہے
اور یعقوب کہتے ہیں اور سنک ذوالقرنین کے مذکور اور یہ ایک عجمی
کا نام ہے جو کہ مشہور ہے فرمایا اور اسحٰق کے بعد یعقوب ہم
انکا یہ نام اسوجہ سے رکھا گیا کہ وہ عیصو کے ساتھ ایک ہی
بطن سے پیدا ہوئے تھے اور عیصو پہلے اور وہ بعد پیدا
ہوا تھا اسطور پر کہ وہ اس کے پیچھے لگے ہوئے تھے اور دونوں
ہی پیدا ہوئے تھے پس عیصو روم کے باپ ہیں اور لسان العرب
میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے حضرت ابراہیم کے قصہ میں کہ انکی بی بی
کھڑی تھی پس وہ ہنسی تو ہم نے اسکو خوشخبری دی اسحٰق کی اور
اس کے بعد یعقوب کی اور زید اور اخفش نے خیال کیا ہے کہ یعقوب
ہے اور جر کے مقام میں ہے کیونکہ بشرناہا باسحٰق پر معطوف ہے
اور ازہری نے کہا ہے کہ یہ ناجائز ہے حاذق نحویوں کے
نزدیک بصریوں اور کوفیوں سے لیکن ابو العباس
احمد بن یحیٰی پس اس نے کہا ہے کہ یعقوب کی
نصب ایک اور مضمر فعل کے ساتھ ہے گویا فرمایا ہے
فبشرناہا باسحٰق ووہبنا لہا من وراء اور اسحٰق یعقوب اور
یہ نصب کے موقع میں ہے اس نے نزدیک نہ جر
کے مقام پر فعل مضمر کے ساتھ اور اسکی مثل زجاج اور
ابن انباری کا قول ہے اور کہا کہ اخفش اور ابی زید
کا قول خطا ہے نحویوں کے نزدیک (تاج)

وَفِي النِّهَايَةِ فِي حَدِيثِ الدُّعَاءِ لَكَ مِنْ قُلُوبِنَا عُقْدَةُ النَّدَمِ وَبِيَانِيُّ عَقْدُ الْعَزْمِ عَلَى النَّدَامَةِ وَهُوَ تَحْقِيقُ التَّوْبَةِ اهـ وَقَوْلُهُمْ هُوَ مِنِّي مَعْقِدُ الْإِزَارِ يُرَادُ بِهِ قُرْبُ الْمَنْزِلَةِ وَأَهْلُ الْحَلِّ وَالْعَقْدِ مَنْ يَرْجِعُ النَّاسُ إِلَى آرَائِهِمْ وَيَعْتَقِدُونَ بِهِمْ مِنَ الْأَكَابِرِ وَالْعُلَمَاءِ عَقَرَهُ قَالَ تَعَالَى وَامْرَأَتِي عَاقِرٌ أَيْ لَمْ تَحْمِلْ وَلَمْ تَلِدْ مِنْ قَوْلِهِمْ عَقَرَتِ الْمَرْأَةُ عَقْرًا مِنْ بَابِ ضَرَبَ وَفِي لُغَةٍ مِنْ بَابِ تَعِبَ وَقَرُبَ إِنْقَطَعَ حَمْلُهَا فَهِيَ عَاقِرٌ وَمِنْهُ رَجُلٌ عَاقِرٌ لَمْ يُولَدْ لَهُ وَالْجَمْعُ عُقُرٌ مِثْلُ رَاكِعٍ وَرُكَّعٍ وَالْعَقَارُ كَسَلَامٍ وَهُوَ كُلُّ مِلْكٍ ثَابِتٍ لَهُ أَصْلٌ كَالدَّارِ وَالْأَرْضِ وَالنَّخْلِ وَالضِّيَاعِ وَمِنْهُ قَوْلُهُمْ مَالَهُ دَارٌ وَلَا عَقَارٌ وَجَمْعُ الْعَقَارِ عَقَارَاتٌ وَالْعَقَارِيُّ مُخْلَاطُ الْأَدِلَّةِ الْوَاحِدُ عَقَارٌ أَيْضًا عَقَلٌ أَصْلُهُ الْإِمْسَاكُ وَالِاسْتِمْسَاكُ كَعَقْلِ الْبَعِيرِ بِالْعِقَالِ يُقَالُ عَقَلَ الْبَعِيرَ يَعْقِلُهُ عَقْلًا وَيُسْتَعَارُ لَفْظُهُ صِفَةً لِلَّذِي نَسَبَانِ الْعَاقِلِ الَّذِي يَحْبِسُ نَفْسَهُ وَيَمْنَعُهَا عَنْ هَوَاهَا أَلَا تَرَى قَوْلَ الْعَرَبِ اِعْتَقَلَ لِسَانُ فُلَانٍ إِذَا حُبِسَ وَمُنِعَ مِنَ الْكَلَامِ وَقَالَ الرَّاغِبُ

اور نہایہ میں ہے دعا کی حدیث میں کہ تیرے لئے ہمارے دلوں سے ندامت کا عقدہ ہے یعنی ندامت پر عقد عزم اور یہ توبہ کی حقیقت ہے الخ اور عرب کا کہنا کہ وہ مجھ تہ بند باندھنے کے مقام پر ہے تو مراد اس سے قرب منزلت ہے اور اہل الحل والعقد وہ لوگ ہیں کہ جنکی باتوں کیطرف لوگ رجوع کریں اور انکو بڑے آدمیوں اور عالموں سے اعتقاد کرتے ہیں عقر فرمایا اور میری بی بی بانجھ ہے یعنی حاملہ نہیں ہوتی اور نہیں جنتی یہ ان کے اس قول سے ہے عقرت المرأۃ عقرا ضرب کے باب سے اور ایک لغت میں تعب اور قرب کے باب یعنی اسکا حمل منقطع ہوگیا پس وہ عورت عاقر ہے اور اسی سے عاقر مرد کہ جسکی اولاد نہیں ہوتی اور جمع عقر ہے جیسا راکع اور رکع اور عقار سلام کیطرح ملک ثابت کو کہتے ہیں جسکا اصل ہو گھر اور زمین اور باغ اور کھیت کی مانند اور اسی سے انکا یہ قول ہے کہ اسکا نہ گھر ہے نہ عقار ہے اور اسکی جمع عقارات ہے اور عقاقیر ملائی ہوئی دواؤں کو کہتے ہیں اسکا واحد بھی عقار ہے عقل اصل میں کہتے ہیں روکنے روکنا جیسا اونٹ کا بندھنا ڈھنگے سے کہا جاتا ہے عقل البعیر یعقلہ عقلا اور یہ لفظ استعارہ کیا جاتا ہے عقلمند انسان کی صفت کیلئے جو اپنے نفس کو روکتا ہے خواہشات سے کیا تو نے عرب کے اس قول کو نہیں دیکھا کہ وہ کہتے ہیں اعتقل لسان فلان جبکہ اسکی زبان بند ہوا در کلام سے رکی اور راغب نے کہا ہے

وَهُوَ اَوْكَدُ الْعُهُوْدِ وَالْعُقْدَةُ اِسْمٌ لِمَا
يُعْقَدُ مِنْ نِكَاحٍ اَوْ يَمِيْنٍ اَوْ غَيْرِهِمَا قَالَ ثُمَّ
